سہ ماہی کثیر لسانی رسالہ

وراثت

جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز

وراثت

جلد: 3
شمارہ: 1

Volume:3....No:1

VIRASAT

Designed by:Gurmeet Singh

VIRASAT

Quarterly Journal of Ethnic Literature

Volume:3....No:1

Editorial Staff

Mufti Shafiq-ur-Rahman
Dr. Abid Ahmad Bhat
Dr. Syed Iftikhar Ahmad
Dr. Shabnum Rafiq
Asmat Aziz

Jammu & Kashmir Academy of Art , Culture & Languages, Srinagar

سہ ماہی کثیر لسانی رسالہ

وراثت

جلد:3............شمارہ:1

(جنوری تا مارچ 2024ء)

نگران

بھارت سنگھ

مجلسِ ادارت

مفتی شفیق الرحمٰن ...... اُردو
ڈاکٹر عابد احمد ...... انگریزی
ڈاکٹر سید افتخار احمد ...... کشمیری
ڈاکٹر شبنم رفیق ...... کشمیری
عصمت عزیز ...... اُردو

ٹرانسلیشن ریسرچ سینٹر، کشمیر

جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگو یجز سرینگر

ناشر: سیکریٹری، جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز

کمپیوٹر کمپوزنگ : گورمیت سنگھ

سرورق : گورمیت سنگھ

تعداد : 300

مطبع : گورنمنٹ پریس سرینگر

قیمت :

''وراثت'' میں شائع ہونے والے مضامین میں ظاہر کی گئی آراء سے اکیڈیمی کا کُلیاً یا جُزئیاً متفق ہونا ضروری نہیں ہے۔

خط و کتابت کا پتہ

مفتی شفیق الرحمٰن خان

انچارج آفیسر ٹرانسلیشن ریسرچ سینٹر۔

جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز لال منڈی سرینگر

موبائیل نمبر:9906842887

email: syediftikharacademy@gmail.com

(حصۂ اُردو)

فہرست

نمبر شمار	عنوان	مصنف/ترجمہ کار	صفحہ نمبر
1	سلطان العارفین......حیات اور کارنامے	محمد عبداللہ بٹ	8
2	پہاڑی زبان وغزل اسلوب وفن......ایک جائزہ	شبیر احمد خان شمسؔ	328
3	تاریخ کشمیر......(قسط:8)	مفتی شفیق الرحمٰن	457

☆

پیش لفظ

گذشتہ دو سالوں سے کثیر لسانی سہ ماہی ''وراثت'' کے کامیابی کے ساتھ مسلسل شائع ہونے سے اکیڈیمی کا اشاعتی منصوبہ کافی حدتک مضبوطی اور کامیابی سے ہمکنار ہوا ہے۔ کثیر لسانی ہونے کی وجہ سے یہ رسالہ مختلف زبانیں بولنے اور جاننے والوں کی نمائندگی کرتا ہے۔ اس کے علاوہ تحقیقی اور ترجمہ کردہ مضامین پر مشتمل ہونے کی وجہ سے یہ رسالہ محقّقین اور ادب کے طالب علموں کے تحقیقی اور درسی کاموں میں بھی معاون ثابت ہو رہا ہے۔

اشاعت کے تیسرے سال کے پہلے شمارے کے اردو حصے میں ملک حیدر چاڈورہ کی تاریخِ کشمیر کے فارسی سے اردو ترجمے کا سلسلہ جاری ہے۔ اس شمارے میں اس سلسلے کی ساتویں کڑی شامل کر کے ہم تاریخِ کشمیر کے ترجمے کی تکمیل کے کافی قریب پہنچ گئے ہیں۔ سلطان العارفینؒ پر تحقیقی مضمون کے سلسلے کے علاوہ اور بھی کئی دلچسپ مضامین اس شمارے کی زینت کو دوبالا کرتے ہیں۔

کشمیری حصے میں جہاں ہماری کوشش گمنام صوفی شاعروں اور دیگر قلمکاروں کی شخصیت اور فن پر مضامین شائع کرنے کی ہوتی ہے تو وہیں دوسری طرف ہم دیگر زبانوں کے گرانقدر فن پاروں کا کشمیری میں ترجمہ کرا کے پڑھنے والوں تک پہنچانے کی

کوشش میں رہتے ہیں۔ یقیناً وراثت کا یہ حصّہ بھی محبّینِ تحقیق وادب کے لئے ایک قیمتی تحفہ ہے۔

اس شمارے کے انگریزی حصے کے بارے میں ہم پہلے بھی کہہ چکے ہیں کہ یہ کشمیر کی ادبی اور ثقافتی میراث کو غیر کشمیریوں تک پہنچانے میں اہم رول ادا کر رہا ہے۔ موجودہ شمارے میں ۔۔۔۔ ہمارے دعویٰ کی تصدیق کرتے ہیں۔

وراثت کا یہ شمارہ قارئین کی خدمت میں پیش کرتے ہوئے جہاں ہمیں خوشی ہورہی ہے تو وہیں اپنے محققّین، ادباء اور ناقدین سے ہم یہ توقع رکھتے ہیں کہ وہ اس کام کو بہتر انداز میں آگے بڑھانے کے لئے مثبت انداز میں ہمیں اپنی تنقیدی اور حوصلہ افزاء آراء سے ضرور نوازیں گے۔

مفتی شفیق الرحمان خان
انچارج آفیسر ٹرانسلیشن ریسرچ سینٹر کشمیر

☆

محمد عبداللہ بٹ

سلطان العارفین......حیات اور کارنامے

حضرت شیخ حمزہ مخدوم رحمۃ اللہ علیہ

نسب نامہ اور خاندانی پسِ منظر

(قسط:۲)

کوٹہ رانی بہت ہی مدبرّ اور داناں عورت تھی۔ وہ اپنے خاوند رینچن شاہ کو امورِ سلطنت انجام دینے میں مفید مشورے دیا کرتی تھی۔ بلکہ یہ اپنے باپ کی بھی مشیر تھی۔ یہ رینچن شاہ کے نکاح میں صرف ڈھائی سال یا تین سال تک ہی رہی۔ تاریخی حوالہ سے ظاہر ہے کہ رینچن شاہ 727ھ میں ماہِ رمضان میں شبِ جمعہ کو اس دارِ فانی سے رخصت ہوا۔ اور یہ رات لیلۃ القدر تھی۔ رینچن شاہ کا ایک بیٹا حیدر کوٹہ رانی کے بطن سے پیدا ہوا۔ مگر والد کے انتقال کے وقت وہ نابالغ تھا۔ اور رینچن شاہ کے معتمدِ خاص شہمیر کی تولیت میں تھا[1]۔

راجہ سہد یو کا بھائی اُدون دیو بھی اپنے بھائی کی طرح ذوالجو کے حملے کے وقت پکھلی کی طرف بھاگ گیا تھا۔ بعض مؤرخین اس کو ادیان دیو بھی لکھتے ہیں۔

کوٹہ رانی نے اکابرینِ سلطنت کے مشورے سے اس کو بلوایا اور 728ھ

میں اس کو تخت نشین بنا کر اس سے شادی کر لی مگر وہ ایک کمزور حکمران ثابت ہوا۔ کیونکہ یہ مذہب پسند شخص تھا اس کی زیادہ تر دل لگی مذہبی امورات کی طرف تھی۔ ملکی امور عام طور پر کوٹہ رانی ہی چلایا کرتی تھی۔

اُدون دیو (ادیان دیو):۔ کی تخت نشینی کے فوراً بعد ہی کشمیر کو ترکوں کے ایک اور حملے کا سامنا کرنا پڑا۔ ترک ملک کے اندر ہیر پور کے راستہ سے داخل ہو چکے تھے۔ ادیان دیو سراسیمگی کے عالم میں لداخ بھاگ گیا لیکن کوٹہ رانی نے ہمت نہ ہاری اور موقع کی نزاکت کا خیال رکھتے ہوئے اپنے خاص افسروں مثلاً بھائی راون رینہ، شاہمیر اور بھٹ بھکشنا کی مدد سے حملہ آوروں کا مقابلہ کرنے کا تہیّا کر لیا اس نے ان تمام سرداروں کو جنہوں نے بیرونی حملہ سے فائدہ اُٹھا کر ہی اپنے خودمختاری کا اعلان کر دیا تھا، باغیانہ روش کو چھوڑ کر دشمن کے خلاف اس کے جھنڈے کے نیچے متّحد ہونے کے لئے خطوط لکھے۔ اور ان پر ظاہر کیا کہ آپس کی نا اتفّاقی اور خود غرضی کا انجام تباہی و بربادی کے سوا کُچھ نہیں ہوتا۔ جیسا کہ ذوالجو کے حملے کے وقت ہوا تھا۔ بہر حال اس کی اپیل نے سرداروں کو خوابِ غفلت سے بیدار کر دیا اور وہ اس کے گرد جمع ہو گئے انجام یہ ہوا کہ ترکوں سے خون ریز جنگ ہوئی اور انہیں مجبوراً وادی سے جانا پڑا۔ ترکوں کی واپسی پر ادیان دیو سرینگر لوٹا لیکن بزدلانہ طور پر بھاگ جانے کی وجہ سے اس کی کوئی عزّت باقی نہیں رہی تھی۔ لہٰذا وہ عوام کے معاملات سے بے تعلّق ہو کر عزلت نشین ہو گیا۔ امورِ سلطنت کی نگرانی کا کام کوٹہ رانی ہی سرانجام دیتی رہی۔

ادیان دیو کا انتقال 1338ء میں ہوا لیکن کوٹہ رانی نے اپنے آپ کو مضبوط

بنانے کے خیال سے اس کی موت کی خبر کو چار روز تک پوشیدہ رکھا۔کوٹہ رانی کے اب دو بیٹے تھے ایک تو اس کے پہلے خاوند رینچن سے تھا جو شاہمیر کی تولیت میں تھا اور دوسرا ادیان دیو سے تھا۔ جس کا مربی بھٹ بھکشنا تھا۔ اس نے اپنے دونوں بیٹوں کے استحقاق کی بالکل پرواہ نہ کی اور خود مسندِ حکومت پر بیٹھ گئی لیکن عنانِ حکومت سنبھالتے ہی اس کو اپنے بڑے بیٹے کے اتالیق شاہمیر سے خطرہ لاحق ہو گیا[2]۔اور وہ اندر کوٹ منتقل ہوئی اور اپنے مذکورہ بیٹوں کے ساتھ بادشاہت کرتی رہی۔

شاہ میر (شہمیر) سلطان شمس الدین:-چونکہ کوٹہ رانی کو شاہ میر سے خطرہ لاحق تھا اس لئے اُس نے بھٹ بھکشنا (جس کو بعض مؤرخین ایچہ بٹ کا کاپوری بھی لکھتے ہیں) کو وزیر اعظم بنایا اور شاہ میر کو یہ بات گوارہ نہ ہوئی۔شاہ میر نے سرینگر میں بڑی شہرت اور عزّت حاصل کر لی تھی۔اور اکثر امراء اور رؤسا اس کی حمایت کرتے تھے۔شاہ میر پہلے بھٹ بھکشنا کو قتل کرانے میں کامیاب ہوا۔اس کے بعد اس نے کوٹہ رانی سے شادی کرنے اور حکومت میں شراکت داری کی پیش کش کی اور انکار کی صورت میں جنگ کی دھمکی بھی دی۔لیکن کوٹہ رانی نے اس تجویز کو مسترد کر دیا۔

شاہ میر نے سرینگر سے اندر کوٹ پر فوج کشی کی۔کوٹہ رانی کا بھائی راون رینہ خود اپنی قضا سے فوت ہوا تھا۔لوگ چونکہ شاہ میر کے حسنِ سلوک سے راضی تھے اس لئے وہ بغیر کسی تردّد کے اس کے اطاعت گزار اور فرمان بردار ہو گئے کوٹہ رانی (کوتہ رین) اپنے چند مٹھی بھر لوگوں کے ساتھ اندر کوٹ میں رہ رہی تھی۔شاہ میر نے اندر کوٹ فتح کر لیا۔کوٹہ رانی مجبوراً اس کے ساتھ نکاح کرنے پر راضی ہوئی۔مگر اُس کی

غیرت اس نکاح کو برداشت نہ کرسکی اور مشہور ہے کہ علی الصّباح اس نے خود کو خنجر سے مار ڈالا۔ اس واقعہ کے متعلق مؤرخین کی الگ الگ رائیں ہیں طوالت کے باعث انہیں تحریر نہیں کیا جاسکتا۔

شہمیر خدائے توانا کے حکم سے بغیر کسی تشویش کے 743ھ مطابق 1339ء میں تخت پر بیٹھا اور خود کو سلطان شمس الدین کا لقب دے کر اس نے تین سال اور پانچ مہینوں تک حکومت کی۔ سلاطینِ کشمیر کا جنہوں نے کامل آزادی اور کامرانی کے ساتھ دو سو سال سے زائد عرصے تک حکمرانی کی اور سلطنت کا بندوبست کر کے مذہب وملّت کی خدمت بھی انجام دی۔ جدِّ بزرگ یہی بادشاہ تھا۔ سال 747ء میں ساقیٔ اجل نے اُسے حسرت کا جامِ شراب پلایا اور اس کے نفس نفیس نے اِرجعی کی ندا پر دائمی اجل کو لبیّک کہا اور اپنے پیچھے دو بیٹے چھوڑے۔ ایک سلطان جمشید اور دوسرا سلطان علی شیر جو سلطان علاء الدین کے نام سے مشہور ہوا۔[۳]

سلطان جمشید:- باپ کی وفات کے بعد تخت پر بیٹھا اور اس نے ایک سال دو ماہ تک حکمرانی کی۔ اس کے بعد اس کے بھائی علی شیر نے بغاوت کردی اور دونوں بھائیوں کے درمیان جنگ وجدل کا بازار گرم ہوا۔ بالآخر زینہ پورہ گاؤں میں ان کے درمیان جنگ ہوئی اور جمشید کو شکست ہوئی۔ اس نے سلطنت کو خیرآباد کہا اور گاؤں گاؤں پھرتا رہا اور ان ہی ایاّم میں اس کی وفات ہوئی اس نے چودہ مہینوں تک حکومت کی۔ بعض مؤرخیں نے لکھا ہے کہ وہ جنگ میں مارا گیا جب کہ بعض نے اسے غلط قرار دیا ہے۔ اس کے بعد اس کا بھائی علی شیر سلطان علاء الدین تخت پر قابض ہوا۔ علاء الدین پورہ

اسی کا آباد کیا ہوا ہے۔ جواب ملک آنگن کے نام سے مشہور ہے[۴]۔ اس نے اپنے باپ کی طرح اصلاحی کام شروع کئے۔ سال 758ھ مطابق 1354ء میں اس کا انتقال ہوا[۵]۔

سلطان شہاب الدین:- سلطان علاء الدین کا بیٹا[۶] سلطان شہاب الدین والد بزگوار کے بعد امرائے نامدار کے مشورے سے تخت پر بیٹھا۔ تخت پر بیٹھنے سے پہلے اپنے عالی قدر باپ کے عہد میں شکار کرنے کے لئے جنگ کی طرف نکل چکا تھا۔ اس نے ایک کامل مجذوبہ[۷] کے ہاتھ سے دودھ کی دو پیالیاں پی کر بادشاہت کی بشارت پائی تھی۔ شہاب الدین نے جنڈا کو اپنی فوج کا سپہ سالار اور رائے شردل کو اپنا وزیرِ مملکت بنایا اور سلطنتِ کشمیر کو پائیدار بنیادوں پر استوار کیا۔ اس نے فوجی و انتظامی منصوبوں کا بڑے عزم و استقلال کے ساتھ آغاز کیا۔ اس نے سیلابوں کے خطرات کو کم کرنے کے لئے نشیب میں واقع شہر اور گاؤں کی از سرِ نو منصوبہ بندی کی اور دریائے جہلم کی تہہ کو صاف کروایا۔ اس نے زراعت کی ترقی اور کسانوں کی فلاح و بہبود کو ترجیح دی اور زیادہ غلہ اگاؤ مہم کی حوصلہ افزائی کی۔ شہاب الدین نے جو پیدائشی طور پر شہری سکیم ساز تھا کوہِ ہری پربت کے اردگرد ایک بلند و صحت افزاء علاقہ کو دارالحکومت کے لئے منتخب کیا۔ یہاں اس نے شارک پور (نگر نگر) کا شہر آباد کیا۔ اس نے سیلاب و امراض سے محفوظ رہنے کی ضمانت دی۔ اس نے دریائے جہلم و سندھ کے سنگم پر شہاب الدین پورہ کا شہر بسایا۔ ہم ذوقِ لطیف اور غیر معمولی قابلیتِ شہر سازی کا اندازہ جہانگیر کی توجہ سے لگا سکتے ہیں۔ جس نے شہاب الدین پور کو اس کی تعمیر کے دوسو پچاس سال

بعد دیکھا تھا جہانگیر لکھتا ہے شہاب الدین پور کشمیر کے مشہور مقامات میں سے ایک ہے ۔ایک نفیس اور سرسبز قطعۂ زمین جہاں ایک سو خوبصورت چناروں کا جُھرمٹ آپس میں اس طرح مل گیا ہے کہ پوری زمین پر سایہ پڑتا ہے۔ یہاں تک کہ اس پر قالین بچھانا فضول اور ناقص معلوم ہوتا ہے [8]۔آج یہ شہر شادی پور گاؤں کی صورت میں باقی ہے جو چناروں کے جُھرمٹ میں ایک پُرکشش مقام ہے۔

شہاب الدین بڑا مردم شناس تھا اپنی حکومت میں ان ہی لوگوں کو ملازم رکھتا جو اپنی لیاقت اور دیانتداری کے لئے مشہور ہوتے تھے۔اس کو اپنے وزیر اودے شری اور کوٹہ بھٹ پر بڑا اعتماد تھا اودے شری اس کا وزیرِ اعلیٰ اور وزیرِ مال تھا۔لیکن کچھ ہی عرصہ بعد کوٹہ بھٹ نے دنیا کو تیاگ دیا اور جنگل میں رہنے لگا۔اس کے فوجی سرداروں میں ملک چندر، شورلولک اور اوچل رینا تھے۔ مؤخرالذکر رام چندر کی نسل سے تھا سلطان نے اس کو موضع چاڈورہ بہ طور جاگیر عطا کیا تھا۔[9]

☆

ملک ابدال رینہ:

ابدال رینہ عرف ازلی رینہ، راون رینہ کا فرزندِ ارجمند تھا[10]۔ اس کو سلطان شہاب الدین نے اپنے عہدِ حکومت میں سپہ سالاری کا منصبِ اعلیٰ بخش دیا جب سلطان شہاب الدین نے فیروز شاہ شہریار دہلی کے ساتھ ستہ لا یعنی دریائے ستلج کے قریب جنگ لڑی تو اس وقت یہی ابدال رینہ اس کی فوج کی کمان کر رہا تھا۔ سلطان موصوف نے اس کو اعلیٰ فوجی خدمات کے عوض علاقہ چاڈورہ بطورِ جاگیر بخش دیا۔ جیسا کہ پہلے تذکرہ ہوا۔ جو کہ پشت در پشت اس کی اولاد و احفاد کے پاس رہا۔ سلطان شہاب الدین کو 775ھ میں جب یہ اطلاع ملی کہ کابل اور بدخشان[11] کے شہروں میں چند کوتاہ اندیشوں نے بغاوت کی ہے تو اس نے ابدال رینہ کو ہی ایک زبردست لشکر کے ساتھ ان باغیوں کی سرکوبی کے لئے بھیج دیا لیکن وہاں اس کی موت واقع ہوگئی اس کی نعس کو لغمان کے شہر سے لا کر چاڈورہ اپنی جاگیر میں دفن کیا گیا۔

ملک دولت رینہ:

ملک دولت رینہ ملک ابدال رینہ کا فرزند ارجمند تھا۔ اس کو سلطان شہاب الدین نے اپنے باپ ابدال رینہ کی طرح فوج کے منصفِ اعلیٰ سے سرفراز فرمایا۔ سلطان شہاب الدین کے آخری ایّام اچھے نہیں گزرے۔ اس کا اپنی ملکہ لکشمی کی بہن کی لڑکی لاسہ سے تعلّق پیدا ہوگیا تھا۔ جس کی اس کی ملکہ نے پرورش کی تھی۔ وہ بڑی حسین اور زیرک تھی اس نے اپنی چال سے سلطان اور ملکہ میں علیٰحدگی کرادی۔ اور پھر اس کے دونوں لڑکوں حسن خان اور علی خان کو جلاوطن کرادیا۔ بہرحال اپنی موت سے قبل 1373ء میں اس نے اپنے

لڑکوں کو جو دہلی میں مقیم تھے سرینگر واپس آنے کا حکم دیا لیکن اس حکم کو صرف حسن نے مانا مگر وہ اپنے باپ کی زندگی میں اس سے ملاقات نہ کر سکا۔

شہاب الدین کے انتقال کے بعد اس کا چھوٹا بھائی سلطان قطب الدین 1373ء۔1389ء تخت نشین ہوا۔ وہ ایک قابل حکمران، بلکہ خوش مذاق شاعر اور علم و ادب کا قدردان تھا[۱۲]۔ اس کے دورِ حکومت میں فتنہ و فساد کے دروازے بالکل بند ہو گئے۔ اس محلے کو جو قطب الدین پورہ (موجودہ مہاراج گنج سے محلہ پیر حاجی محمد صرّاف کدل تک کا علاقہ ہے۔ اس نے اس کو اپنا دارالخلافہ قرار دیا۔ اور واقعتاً لوگوں کے سر پر لطف و احسان کا ہاتھ رکھا۔ اس کے سعادتوں سے لبریز زمانے میں اللہ تعالیٰ کی جن خاص نوازشوں اور برکتوں سے کشمیر فیضیاب ہوا، ان میں سے بطورِ خاص جناب تقدس مآب، قطب الاولیاء۔ محبوب ربّانی حضرت سید علی ہمدانی نوّر اللہ مرقدہ کا قدوم پُر برکت قابلِ ذکر ہے، جنہوں نے سال 781ھ کے مہینوں میں جنت نظیرِ کشمیر میں شرف مندی کا نزول فرمایا۔ اس سے قبل سلطان شہاب الدین کے عہدِ حکومت میں اُن ہی کے حکم سے حضرت شیخ سید حسین سمنانیؒ تشریف لا چکے تھے۔

تحقیق کے ساتھ معلوم ہوا ہے کہ حضرت سیّد علی ہمدانیؒ کے ہمراہ خدّام، رفقاء و سادات کی سات سو افراد پر مشتمل جماعت تھی اور آپ نے اس ملک کے خواص و عوام کی بھرپور رہنمائی و تربیت فرمائی۔ آنجناب کا قیام علاء الدین پورہ محلّے کی اس سرائے میں ہوا جو وہاں موجود تھی۔ جہاں پر اب خانقاہِ فیض پناہ ہے۔ وہیں پر دریائے بہت (جو آج کل جہلم کے نام سے جانا جاتا ہے، ماضی میں اس کو ویتھ بولتے تھے) کے

کنارے ایک مربّع صفّہ (چبوترہ) آراستہ کیا جہاں پانچ وقت کی نماز پڑھتے تھے اور سلطان سچی عقیدت و ارادت کے ساتھ آنجناب کی خدمت میں حاضر ہوکر عقیدت و محبت کے آداب بجالاتا تھا اور آنجناب سے پند و نصائح سُن کر ان پر عمل پیرا ہوتا تھا۔ چنانچہ لاعلمی کی وجہ سے اس نے جو دو بہنوں کے ساتھ بیک وقت نکاح کیا ہوا تھا اُسے فسخ کردیا۔ کیونکہ اس وقت تک لوگ شرعی احکامات سے اچھی طرح سے واقف نہیں تھے۔ اور مسلمانوں کی تعداد بھی کم تھی۔ اور خود سلطان بھی غیر شرعی لباس پہنتا تھا جسے سلطان نے حضرت سیدؒ کے فرمان کے مطابق ترک کردیا اور جان و دل سے آنجناب کے فرمودات کی تعمیل کی۔

جناب حضرت سیادت دستگاہ قطب اولیاؒ نے بادشاہ قطب الدین کو کمالِ لطف وکرم سے کلاہِ مبارک عطا فرمائی تھی۔ سلطان نے اسے قبول کر کے آداب بجالا کر اپنے تاج میں تعظیم و تکریم کے ساتھ رکھا۔ اور یہ روایت و برکت سلطان فتح شاہ کی سلطنت کے اواخر تک خاندانِ شاہمیر میں باقی تھی۔ اور سلطان فتح کی وصیّت کے مطابق اس کو اس کے کفن میں رکھ کر سپردِ خاک کردیا گیا۔ بزرگوار مولانا محمد آئیؒ نے جو سلطان فتح شاہ کے عہد کے علاّمہ اور عارف تھے، فرمایا کہ سلطان فتح برکت و حکومت کو اپنے ساتھ زمین کے نیچے لے کے چلا گیا۔[۱۳]

سید علی ہمدانیؒ کشمیر پہلی بار 1372ء میں وارد ہوئے چار ماہ قیام کے بعد حجِ بیت اللہ کے لئے ملّہ معظّمہ تشریف لے گئے۔ اور پھر وہاں سے ہمدان واپس آئے۔ دوسری مرتبہ وہ 1379ء میں قطب الدین کے دورِ حکومت میں تشریف لائے اس

مرتبہ اُنہوں نے وادی میں ڈھائی سال تک قیام کیا اور پھر لداخ سے ہوتے ہوئے ترکستان چلے گئے وہ تیسری اور آخری مرتبہ 1383ء میں تشریف لائے اور تقریباً ایک سال یہاں قیام کر کے ترکستان چلے گئے۔[۱۴]

سلطان قطب الدین نے سولہ سال تک بادشاہت کی اور 796ھ مطابق 1389ء میں اس دُنیا سے رحلت کی۔ قطب الدین کو بڑھاپے میں اللہ نے ایک بیٹا عطا کیا۔ جس کا نام سکندر رکھا گیا۔ اس کی ولادت کے موقع پر جشن منایا گیا۔ درباریوں کو تحفے اور جاگیریں عطا ہوئیں اور قیدی رہا کئے گئے۔ کچھ عرصہ کے بعد اس کی ملکہ کو ایک اور بیٹا پیدا ہوا جس کا نام ہیبت رکھا گیا۔

سلطان سکندر:- 1389ء میں قطب الدین کے انتقال پر اس کا بڑا بیٹا سکندر تخت نشین ہوا۔ لیکن چونکہ وہ نابالغ تھا۔ اس لئے اس کی ماں ملکہ سورا اس کی قائمقام بن کر کام کرتی رہی۔ وہ لائق اور مضبوط کردار کی خاتون تھی۔ اس نے سختی کے ساتھ حکومت کی اور سکندر کے خلاف سازش کرنے پر اس نے اپنی بیٹی اور داماد کو قتل کرنے سے بھی دریغ نہ کیا۔[۱۵]

سلطان سکندر نے اپنے والد سلطان قطب الدین کی سلطنت کی ہی حفاظت کی اور زیادہ فوج کشی نہ کی۔ سلطان سکندر راسخ العقیدہ مسلمان تھا۔ وہ غیر شرعی رسوم و رواج کا مخالف تھا۔ اس نے جامع مسجد سرینگر کی تعمیر کی اور اس کے بنانے میں بہت اہتمام اور توجّہ سے کام لیا۔ اس مسجد کا معمار صدر الدین خراسانی تھا۔ اس میں 372 لکڑی کے کھمبے ہیں۔ ہر کھمبے کی لمبائی چالیس گز اور قطر چھ گز ہے۔ اس میں

چار محراب ہیں۔ ہر محراب میں بتیس لکڑی کے کھمبے ہیں۔ سکندر نے قصبہ بجبہاڑہ میں بھی ایک مسجد تعمیر کروائی اور سرینگر میں ایک عیدگاہ کا سنگِ بنیاد رکھا۔ جس کو اس کے بیٹے علی شاہ نے پایۂ تکمیل تک پہنچایا۔ مسجدوں کے علاوہ اس نے وچی اور ترال گاؤں اور قصبہ سوپور میں خانقاہیں تعمیر کروائیں۔ سید علی ہمدانیؒ نے جہاں علاؤالدین پورہ میں نماز کے لئے چبوترہ بنایا تھا۔ وہاں سلطان سکندر نے ایک خانقاہ تعمیر کرائی جو خانقاہِ معلیٰ کے نام سے مشہور ہے۔ [۱۶]

سلطان سکندر کی وفات کے بعد اس کا فرزند ارجمند سلطان علی شاہ تخت نشین ہوا اس نے چھ سال اور نو مہینوں تک حکومت کی۔ اپنی حکومت کے آخری ایاّم میں اس نے بادشاہت چھوڑ کر حج ادا کرنے کا ارادہ کیا اور سال 827ء میں اپنے بھائی زین العابدین کو تخت و تاج حوالے کر کے بیت اللہ شریف کے لئے روانہ ہوا۔

سلطان زین العابدین:- یہ سلطان سکندر کا دوسرا فرزند تھا۔ مولانا نادری نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے کہ سلطان علی شاہ جب جموں پہنچا تو وہاں کے راجہ نے، جس کی بیٹی علی شاہ کی بیوی تھی، سلطنت ترک کر دینے پر اس کو ملامت کی اور اسے حج پر جانے سے روک لیا اور لشکر کشی پر آمادہ کیا۔ چنانچہ اس فسادی کے فریب میں آ کر سلطان علی شاہ نے پکھلی سے بُرے ارادے کے ساتھ کشمیر کا رُخ کیا۔ اس وحشت خیز خبر کو سُن کر سلطان زین العابدین پورے لشکر کے ساتھ بارہمولہ کی راہ سے پکھلی کی طرف روانہ ہو گیا۔ اور راستے میں فریقین میں مقابلہ ہوا۔ جنگ اور کشت و خون کے بعد سلطان زین العابدین کو فتح و نصرت حاصل ہوئی اور سلطان علی شاہ کو پکھلی میں قید کر دیا گیا۔ جہاں

اس کی وفات ہوگئی۔

سلطان زین العابدین قابلِ ستائش صفات سے آراستہ تھا وہ بڑی رعایا پروری کرتا تھا۔ لباس بدل کر راتوں کو نکلتا تھا کہ خود اپنے حکام کے بارے میں اچھی بُری باتیں سُنے۔ اس نے زین نام پر کئی جگہیں آباد کیں۔ زینہ کوٹ، زینہ پور، زینہ ڈب، زینہ گیر، زینہ کدل، زینہ لنک اور زینہ باز ار اسی کی آباد کی ہوئی جگہیں ہیں۔[17]

''سلطان زین العابدین کا عہد مذہبی رواداری کے لئے زیادہ مشہور ہے۔ وہ تمام مذاہب کے لوگوں کے ساتھ یکساں سلوک کرتا تھا۔ اور انصاف وعدل کرنے میں کوئی امتیاز یا بھید بھاؤ نہیں کرتا تھا۔ اس نے اُن تمام برہمنوں کو کشمیر واپس آنے کا حکم دیا جو کشمیر کو چھوڑ کر دوسرے علاقوں میں جا بسے تھے۔ اُس نے ہر کسی کو اپنے پسند کا مذہب اختیار کرنے کی آزادی دی۔ تاریخی ماخذوں میں یہ بات بہت ہی کم نظر آتی ہے۔ ہندو اور ہندو مت کی سرپرستی کرنے کے ساتھ ساتھ زین العابدین کے دورِ حکومت میں اسلامی تمدّن کی رونق میں کافی اضافہ ہوا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کا دورہ کشمیر میں مسلم مفکّروں، صوفیوں، عالموں، شاعروں، ادیبوں، ماہروں اور کاری گروں کی تشریف آوری کا دور ہے۔ سارے کشمیر میں مدرسوں خانقاہوں کی وسیع تعمیر زین العابدین کی زبردست خواہش تھی[18] سلطان زین العابدین نے پورے پچاس سال کشمیر پر حکومت کی۔

ملک اوتر رینہ پسرِ دولت رینہ: — ملک اوتر رینہ دولت رینہ کا نیک بخت بیٹا تھا۔ اس کو اپنے والد نے اپنی زندگی میں پوری فوجی تربیت سے آراستہ کر دیا تھا۔ چنانچہ اس

کے والد کے انتقال کے بعد ہی سلطان زین العابدین ''بڈ شاہ'' نے اس کو اس کے والد کے منصبِ سپہ سالاری سے نوازا۔اس نے سپہ سالاری کی زندگی میں بہت سے کارنامے انجام دیئے۔ ایک مرتبہ سلطان زین العابدین کو ممالکِ تبّت و کاشغر فتح کرنے کا خیال آیا جن کو سلطان علی شاہ کے زمانے میں والیٔ کاشغر نے اپنے قبضے میں لیا تھا۔اس سلسلے میں سلطان زین العابدین نے بیس ہزار سوار اور ایک لاکھ فوج تیار کی [19]۔ اس ساری فوج کو پورے ساز و سامان سے لیس کر کے ملک اتر رینہ کی کمان میں روانہ کر دیا۔ادھر کاشغر سے وہاں کا حکمران اپنا لاؤلشکر لے کر لڑائی کے لئے موضع شی زن مضافاتِ تبّت میں آیا۔فریقین میں گھمسان کا رن پڑا۔جس میں بڑے بڑے سردار اور سورما کام آئے۔لیکن خوش قسمتی سے سلطان زین العابدین کو ملک اوتر رینہ کی سرکردگی میں فتح نصیب ہوئی۔سلطان نے ملک اوتر رینہ کے جنگی کارناموں سے خوش ہو کر اس کی بہت عزّت افزائی کی یہاں تک کہ اس کی جاگیروں کو دوگنا کر دیا۔[20]

صوفی محی الدین لکھتے ہیں کہ ''فوج ایک لاکھ پیدل اور تیس ہزار سواروں پر مشتمل تھی، کہتے ہیں کہ بھائی کے ساتھ جنگ لڑتے لڑتے تبت بڈ شاہ کے ہاتھ سے نکل گیا تھا۔اس کو دوبارہ حاصل کرنے کے لئے اس نے سردارانِ لشکر ہلمت رینہ، احمد رینہ اور ان کے والد اوتر رینہ وغیرہ کو جمع کر کے ان کے مشورے سے نہ صرف کشمیر کو دشمن کے حملوں سے بچانے بلکہ مقبوضہ تبت کو واپس حاصل کرنے کی تیاریاں کیں (تاریخ بڈ شاہ، فوق، ص: 91) بحوالۂ تذکرہ اسلاف۔

ہلمت رینہ:- یہ ایک مسلّمہ حقیقت ہے کہ سلطان زین العابدین (بڈ شاہ) کشمیر

کی تاریخ کا ایک عظیم بادشاہ تھا۔ اور اس نے پچاس سال کے طویل عرصے تک کشمیر پر حکومت کی۔ اور اس کی فوج میں ایک ہی خاندان کے تین افراد ایک باپ یعنی ملک اوتر رینہ اور دو بیٹوں یعنی ہلمت رینہ اور احمد رینہ کا اہم کردار رہا ہے۔

ملک ہلمت رینہ ملک اوتر رینہ کا بڑا ہونہار بیٹا تھا۔ اس کو سلطان زین العابدین نے اس کے باپ اوتر رینہ کی زندگی میں ہی اپنی فوج کا سپہ سالار بنا دیا تھا۔ اس نے اپنے باپ کی معیّت میں بہت سی جنگوں میں شمولیت کی۔ اس کا چھوٹا بھائی ملک احمد رینہ بھی پوری طرح فوجی صلاحیتوں سے آراستہ تھا۔ اس کو بھی اپنی قابلیت اور صلاحیت کی بناء پر سلطان زین العابدین نے سپہ سالاری کے منصب پر فائز کیا تھا۔ ''محمّد الدین فوق نے لکھا ہے کہ ہلمت رینہ سلطان کا سپہ سالار تھا اور احمد رینہ امیر الجیش تھا'' [۲۱] دونوں بھائی سلطان کے وفادار اور خیر خواہ تھے۔ اس سلطان کے عہد میں ملک ہلمت رینہ اپنی شجاعت بہادری اور دانشمندی سے سرکش باغیوں کی شورشیں اور فسادات دبانے میں بہت ہی مشہور و معروف رہا ہے بڑے بڑے ملکی کارنامے اور حکومتی امورات انجام دینے کی وجہ سے سلطان اس سے ہمیشہ خوش تھا۔ اس کے تین فرزندانِ ارجمند تھے۔ جو ملک جہانگیر رینہ، ملک کزر رینہ اور ملک زوگی رینہ سے موسوم ہیں [۲۲]۔

ملک جہانگیر رینہ:- ملک جہانگیر رینہ ہلمت رینہ کا نیک بخت بیٹا تھا۔ جب سلطان حسن شاہ 880ھ مطابق 1475ء کو حکومتِ کشمیر کے تخت پر بیٹھا تو اس نے ملک جہانگیر رینہ کو اپنی فوج کا سپہ سالار اور ملک کا رئیس بنا دیا۔ حکومتی معاملات میں اس کو پورا اختیار اور اقتدارِ کلّی بخش بنا دیا۔ یہاں تک کہ وہ اپنے دور میں سیاہ و سفید کا مالک

تھا۔ ملکی اموراور اقتدار کوخوش اسلوبی سے انجام دینے کی وجہ سے عوام اس سے بہت خوش تھی۔ کارہائے نمایاں انجام دینے کے صلے میں اس کو حکومت کی طرف سے علاقہ زینہ گیر میں موضع تجر بطور جاگیر ملا۔ یہ زمانہ پُر آشوب تھا عام طور پر سرکش لوگ بغاوتیں کرتے تھے جن کو دبانے میں ملک موصوف کا کردار قابلِ تعریف رہا ہے۔ یہ ایک سرکردہ فوجی ہونے کے باوجود اپنے وقت میں عالم، زاہد، پرہیزگار، گوشہ نشین اور سخت ریاضت کش گذرا ہے۔ اس کو حضرت شیخ بابا اسماعیل زاہد کبرویؒ جو کہ اپنے زمانے میں منصب شیخ الاسلام پر فائز اور تقویٰ شعاری و پرہیزگاری میں کامل بزرگ تھے، سے بڑی عقیدت تھی یہاں تک کہ وہ اُنکے حلقۂ ادارت سے منسلک تھا۔ مریدِ صادق ہونے اپنی والہانہ عقیدت کی بنا پر حضرت شیخِ موصوف رحمۃ اللہ علیہ کو اپنا موروثی باغ، باغِ دولت رینہ بطورِ نذرانہ پیش کیا۔ یہ باغ زیادہ تر انگوروں کے درختوں سے بھرا ہوا تھا۔ اس کی آمدنی کو حضرت شیخ موصوف اپنی خانقاہ کے لنگر پر خرچ کیا کرتے تھے۔ محبوب العالم حضرت مخدوم شیخ حمزہ قدّس سرّہ کو ایک وقت اس باغ کی حفاظت اور خانقاہِ عالیہ کی خدمت کے لئے آپ نے مامور کیا تھا۔ آخر میں اس باغ کو عام مسلمانوں کے لئے بطورِ قبرستان وقف کر دیا گیا۔ اس سے پہلے سرینگر شہر کے اہلِ اسلام کا عام مقبرہ کوہِ سلیمان کے دامن میں واقع تھا جہاں مردوں کو جاڑے کی شدّت میں دفنانے کے لئے سخت مشکلات اور تکالیف سے دوچار ہونا پڑتا تھا۔ اس میں ایک مسجد بھی بنائی گئی تھی جو کہ ہارہ مسجد کے نام سے موسوم تھی۔ اب اس مسجد کے صرف کھنڈرات موجود ہیں۔ [۲۳]

ملک جہانگیر رینہ کی وفات اور مدفن کے بارے میں کوئی صاف حوالہ موجود

نہیں ہے۔ پیرزادہ حسن شاہ تاریخِ حسن جلد دوم میں صفحہ 210 پر لکھتے ہیں کہ جب سلطان حسن شاہ نے سید حسن بیہقی پسر سید ناصر بیہقی کو اپنی حکومت میں اقتدار بخش دیا تو سید موصوف نے بادشاہ کے مزاج کو اُمرائے حکومت کے خلاف اُکسایا اور اس طرح ملک کے بے شمار بلند مرتبت اُمراء کو قتل کر دیا گیا۔ مصنّفِ تحفۂ محبوبی لکھتے ہیں کہ بیہقی سادات کے فسادات میں جب کہ 889ھ میں ان کے اعیان و اکابر کا ایک گروہِ عظیم قتل ہوا جہانگیر رینہ کی جان بھی سلامت نہ رہی [۲۴]۔

زیتی رینہ رحمۃ اللہ علیہ:- 1484ء مطابق 889ھ میں جب کہ زیتی رینہ کے باپ جہانگیر رینہ کے بے دردی سے قتل کئے جانے کی خبر مشہور ہوئی تو رینہ خاندان پر مصیبت کا پہاڑ ٹوٹ پڑا۔ اور اس کی جمعیّت، معیشت، اعتبار اور اقتدار کا شیرازہ درہم و برہم ہو گیا۔ ہر طرف لوٹ مار اور خونریزی کا بازار گرم تھا [۲۵]۔ زیتی رینہ اور اس کا بھائی غیاث رینہ کم سن تھے۔ ان کی سرپرستی کرنے والا شہر میں کوئی نہ تھا۔ روزمرّہ کے دارو گیر کی وجہ سے ان کی زندگی اجیرن بن گئی۔ شہر میں ان کا گزارہ کرنا بہت مشکل ہو گیا۔ ناچار شہر چھوڑ کر اپنے والدِ بزرگوار کی جاگیر تجر شریف علاقہ زینہ گیر کشمیر میں جا کر سکونت پذیر ہو گئے۔

تجر شریف کی موروثی جاگیر میں ملک زیتی رینہ نے ہوش سنبھال کر بہت صبر و تحمّل اور استقلال و حکمتِ عملی سے کام لے کر اپنی خوشحالی کا سامان پیدا کیا۔ اپنے والدِ بزرگوار کی طرح آپ میں بھی رشد و سعادت کے خداداد آثار پائے جاتے تھے۔ اِن خداداد آثار کے طفیل سنِ بلوغت کو پہنچتے ہی آپ نے شیخ الاسلام حضرت شیخ اسماعیل

زاہد کبرویؒ کی درگاہِ عالیہ سرینگر میں حاضر ہوکر اپنی والہانہ عقیدت وادارت کا اظہار کیا۔ مُرشدِ کامل سے فیضِ روحانی حاصل کرنے کے لئے آپ کا شہر میں آنا جانا ہمیشہ کے لئے معمول رہا۔

زیتی رینہ کے وقت سے رینہ خاندان کی اس شاخ نے سرکاری علمداری سے بالکل قطع تعلّق کیا۔

تجر شریف میں آپ کا دولت خانہ وہاں موجود مسجد جامع کے بالکل ساتھ تھا۔ آپ کے والدِ بزرگوار کے گزر جانے کے بعد آپ بے بسی اور بے کسی کی حالت میں یہاں آئے۔ لیکن عنایتِ خداوندی سے ترقی کرتے کرتے آپ ایک بڑے مالدار آدمی بن گئے۔ آپ کے مال مویشی کا ریوڑ اتنا بڑا تھا کہ موضع لٹھی شاٹھ اور تجر شریف کے درمیان کا علاقہ ہاڑ کے مہینے کے آغاز میں سارے کا سارا اس سے بھر جاتا تھا۔ اس جگہ کا نام پہلہ ہاڑ اسی وجہ سے پڑا۔ کیونکہ آپ کا ریوڑ اسی جگہ جمع ہوکر رہتا تھا۔ آپ بڑے سخی آدمی تھے۔ آپ کے دولت خانے پر لنگر چالو رہتا تھا۔ جو کوئی بھی آپ کے یہاں آتا تھا اس کو کھانا کھلائے بغیر نہیں چھوڑا جاتا تھا۔ آپ تجر شریف میں ہی مشرق کی طرف پہاڑی کے نزدیک دفن ہیں۔ آپ کے جانشین آپ کے فرزند ارجمند حضرت شیخ بابا عثمان رینہ رحمۃ اللہ علیہ تھے۔ [۲۶]

شیخ بابا عثمان رینہ رحمۃ اللہ علیہ: — حضرت شیخ بابا داؤد خاکی رحمۃ اللہ علیہ دستور السالکین میں لکھتے ہیں:

”والدِ عثمان رینہ وجدّش زیوؔ رینہ کہ سرانِ قبیلۂ خود کہ آنرا لون میگویند

بودند دگر نسبتِ خویشیٔ ایشان بامراء این کشور کہ معروف بچکا نند نیز می پیوند دو مردمِ متموّل ومتدیّن وخواننده بودند ومن فقیر پدرِ ایشان عثمان رینہ را دریافت کرده بودم کہ مردی خوش فہم وعالم بمسایل فقہیہ شرعیہ وابیات بمحل خواننده وخوش صحبت بود و نیز چند صوفی دیدم در ہمان دِہ پرہیزگار وبادب آراستہ پرسیدم کہ این اثرِ صحبت کیست در شما؟ گفتند کہ ما تربیت کردۂ عثمان رینہ ایم و یکی از علامتِ دینداری واخلاصِ پدرِ ایشان این بوده کہ شنیدم ہر سال باسمِ زکوۃ عشرِ حبوب و حواشی وسایرِ اموالِ خود بی ملاحظۂ نصابِ وی وبی ملاحظۂ مقدارِ وجوب کہ در بعضی کم از عُشر بوده ادا میکردند واکثرِ آن بخانقاہِ مولانا شیخ اسمٰعیل شامی مرحوم کہ در شہرِ شیخِ سنیّانِ آنوقت بود میرسانید وباواخلاص میکردند“[27]

حضرت مخدومؒ کے والد بزگوار کا نام عثمان رینہ اور دادا کا نام زیدؔ رینہ تھا۔ جو اپنے قبیلہ، قبیلہ لون کے سرداروں اور بزرگوں میں شمار ہوتے تھے۔ ان کا خاندانی تعلق کشمیر کے شاہی خاندان چکوں سے ہے۔ آپ کے خاندان کے بزرگ امیر بھی تھے اور صاحبِ دیانت بھی اور گھر میں علم وادب کا خوب چرچا تھا۔

میں (خاکیؒ) نے حضرت مخدومؒ کے والد بزرگوار کو دیکھا ہے نہایت ہی با سیلقہ، خوش فہم، خندہ جبیں، مجلس آراء اور مسائل فقہیہ سے بخوبی واقف تھے۔ کثرت سے برمحل اشعار پڑھتے تھے۔ میں نے دیکھا کہ ان کے گاؤں میں چند ایک ایسے صوفی ہیں جو پرہیزگار اور آدابِ دین سے پوری طرح آراستہ تھے۔ میں نے ان بزرگوں سے پوچھا ”یہ کس کی صحبت کا فیضان ہے؟“۔ جواب دیا کہ ”عثمان رینہ (والدِ حضرت

مخدومؒ) کی تربیت کا نتیجہ ہے۔

حضرت مخدوم علیہ الرّحمۃ کے خاندانی بزرگوں کی دین پروری و پرہیز گاری کا حال اس سے بھی معلوم ہوسکتا ہے کہ وہ ہمیشہ اور باضابطہ فصل، مویشی اور مال و دولت کی زکوٰۃ اور عشر ادا کرتے تھے اور اس میں سے اکثر حصّہ حضرت مولانا شیخ اسمٰعیل کبروی رحمۃ اللہ علیہ کی خانقاہ میں بھی بھیجا کرتے تھے۔ حضرت شیخ اسمٰعیلؒ ان دنوں سرینگر میں رہتے تھے۔ اور اس وقت شہر میں وہ اہل السنّۃ کے شیخ تھے۔

حضرت بابا عثمان رینہؒ کے عقدِ نکاح میں دولت ملک ساکن موضع کاژہ ہامہ متصل ہرے تحصیل ہندوارہ کی عفت خُو بہن حضرت بی بی مریم تھیں۔ جو بہت ہی پاکباز، متقّی، زاہد اور صوم وصلوٰۃ کی پابند تھیں۔ ابتدا ہی سے دیہات کی باقی لڑکیوں سے عقل وفہم اور شرم وحیاء میں ممتاز اور اپنی نظیر آپ تھیں۔ حضرت بابا عثمان رینہؒ نے صرف ایک نکاح کیا۔ حضرت بی بی موصوفہ کے بطن سے آپ کے صرف دو ہی فرزندانِ ارجمند مخدومنا حضرت بابا محمد علی رینہؒ اور مخدوم العرفاء سلطان العارفین محبوب العالم حضرت شیخ حمزہ رحمۃ اللہ علیہ پیدا ہوئے۔ ان کے علاوہ اور کوئی اولاد پیدا نہیں ہوئی۔

معلوم ہوا ہے کہ بابا عثمان رینہؒ نے یکم رمضان المبارک کو اس دنیائے فانی سے دارالبقاء کے لئے رخصتِ سفر باندھا۔ آپ کا مدفن تجر شریف میں ہی ہے۔ اسی مزارِ مقدّس میں آپ کی پرہیز گار و دیندار اہلیہ حضرت بی بی مریم بھی دفن ہیں۔ اس مزارِ مقدّس کے ساتھ ایک بڑی خانقاہ ہے جس کو بونہ آستان تجر شریف کہتے ہیں۔ [۲۸]

☆☆☆

حاشیہ:

۱: تذکرۂ اسلاف یعنی حضرت سلطان العارفین۔

۲۔Kashmir under sultans از مُحبّ الحسن ۔اردو ترجمہ ''سلاطین کے عہد میں'' مترجم، میجر علی حماد عباسی۔

۳: واقعاتِ کشمیر محمد اعظم دیدمری۔

۴: ایضاً

۵: کشمیر سلاطین کے عہد میں ۔

۶: بعض مؤرخین نے لکھا ہے کہ شہاب الدین سلطان علاؤالدین کا چھوٹا بھائی تھا لیکن اکثر مؤرخین نے بیٹا ہی لکھا ہے۔

۷: مؤرخ حسن کھوئہامی نے لکھا ہے کہ پانی پلانے والی للہ عارفہ تھی جب کہ بعض مؤرخین نے لکھا ہے کہ وہ کچھ جوگنیاں تھیں۔ جوان کی بڑی جوگن تھی اس نے شہاب الدین اوراس کے دوساتھیوں کوشربت پینے کے لئے دیا تھا۔اورانکے ساتھ جوسائیں تھا اس کے لئے پانی نہیں بچا۔وہ شکار کے بعد واپس آتے ہی انتقال کر گیا۔توزک ج ص94 (بحوالہ کشمیر اسلامی عہد میں)

۸: محبّ الحسن نے لکھا ہے شہاب الدین پور جواب شیام پور کہلاتا ہے اور سرینگر کا حصہ ہے۔

۹:Kashmir under sultans از محبّ الحسن ترجمہ کشمیر سلاطین کے عہد میں۔ص:72۔

۱۰: اس کا نام اوڑلی رینہ تھا۔(قلمی بہارستان شاہ ص:19)

ازلی رینہ سلطان شہاب الدین کا سپہ سالار تھا (قلمی تاریخ کشمیر حسن بیگ۔ص:73)

اس کا نام اُچل چند ہے۔ (قلمی تاریخ ملک حیدر چاڈورہ۔ص:41)

اُس کا نام اُچل رینہ تھا(قلمی تاریخ کشمیر پنڈت نارائن کول عاجز۔ص:63)

اس کا نام اُچل چاڈوری ہے۔(تاریخ نوادر الاخیار۔ص:3)

سلطان شہاب الدین کی فوجیں سید حسن شاہ بہادر، اُچل یا ابدال رینہ اور ڈامر جنرلوں کے زیر کمان تھیں۔(میڈیول کشمیر)

مصنّف میڈیول کشمیر یہ بھی لکھتا ہے کہ 'اچلا دیوا سکندر کا چیف کمانڈر تھا۔ اُچلا دینِ اسلام میں داخل ہوا اور ابدال رینہ کے نام سے مشہور رہا' اس مصنّف کی بات میں ایک اور تضاد ہے۔

(بحوالہ تذکرۂ اسلاف یعنی سلطان العارفین۔ص:71)

۱۱: کشمیر کی تاریخوں میں لکھا ہے کہ شہاب الدین نے بارہمولہ کے راستہ سے فوج کشی کی اور پکھلی اور سوات پر قبضہ کرلیا۔ پھر اس نے ملتان، لغمان، کابل، غزنی، قندھار پر حملہ کیا اور ان پر ایک ایک کر کے قبضہ کیا(کشمیر سلاطین کے عہد میں۔ص:68)

☆

۱۱: کشمیر کی تاریخوں میں لکھا ہے کہ شہاب الدین نے بارہمولہ کے راستہ سے فوج کشی کی اور پکھلی اور سوات پر قبضہ کرلیا۔ پھر اس نے ملتان، لغمان، کابل، غزنی، قندھار پر حملہ کیا اور ان پر ایک ایک کر کے قبضہ کیا(کشمیر سلاطین کے عہد میں۔ص:68)

۱۲: ایضاً

۱۳: واقعات کشمیر از محمد اعظم دیدمری ترجمہ ڈاکٹر شمس الدین احمد۔

۱۴: Kashmir under sultans ترجمہ کشمیر سلاطین کے عہد میں۔ص:7-8۔

۱۵: Kashmir under sultans ترجمہ کشمیر سلاطین کے عہد میں۔ص:80۔

۱۶: Kashmir under sultans

۱۷: واقعات کشمیر۔

۱۸: Islam in Kashmir by prof . Mohd. Ashraf wani کشمیری ترجمہ

عبدالوحید بٹ۔ ص: 111

۱۹: سید علی کی قلمی تاریخ بھی اس کی تصدیق کرتی ہے۔

۲۰: تذکرۂ اسلاف یعنی سلطان العارفین۔ ص: 75

۲۱: تاریخ بڈشاہی ص: 370 اور 376 بحوالۂ واقعاتِ کشمیر ترجمہ ڈاکٹر شمس الدین احمد حاشیہ نمبر 439۔

۲۲: تذکرۂ اسلاف از عبدالمجید سائر رینہ مخدومی۔ ص: 76

۲۳: تذکرۂ اسلاف۔ ص: 83-84

۲۴: تحفۂ محبوبی از خواجہ محی الدین صاحب۔ ص: 34۔

۲۵: تحفۂ محبوبی از خواجہ محی الدین صاحب۔ ص: 34۔

۲۶: تذکرہ اسلاف۔ ص: 86-87

۲۶: مطبوعہ دستور السالکین ۔ص: 44

۲۷: تذکرۂ اسلاف۔ ص: 93-94

شبیر احمد خان شمسؔ

پہاڑی زبان وغزل

اسلوب وفن......ایک جائزہ

پہاڑی زبان دنیا کی قدیم ترین زبانوں میں سے ایک زبان ہے۔ دنیا دراصل ایسی جگہ کا ہی نام ہے جس میں ہر چیز میں تبدیلی رونما ہوتی رہتی ہے۔ دنیا کے کئی رنگ ہیں جو مختلف ادوار کے ساتھ بدلتے رہتے ہیں۔ دنیا میں ہر چیز عروج سے زوال اور زوال سے عروج کی طرف آتی جاتی ہے۔ ہر عروج کے بعد زوال لازمی ہے اور ہر زوال کے بعد پھر سے ایک نیا دور شروع ہوتا ہے۔ سردیوں کے بعد بارش اور پھر بہار جو تمام نباتات کو زمین سے اُگا کر ہر طرف سبزہ پھیلا دیتی ہے۔ اسی طرح زمانے کے بدلے ہوئے حالات کبھی ایک زبان پر بھی آتے ہیں تو کیفیت یہ ہوتی ہے کہ وہ بولی سے زبان کا رُخ اختیار کر لیتی ہے اور پھر قلیل عرصہ میں ہر جگہ اپنا سکہ بٹھا دیتی ہے۔

پہاڑی زبان بھی کئی انقلابات سے گزری اور آج پوری آب وتاب سے ارتقاء کی منزلیں طے کرتے ہوئے کامیابی کی طرف بڑھ رہی ہے۔ پہاڑی زبان میں اب تک ادب کی تمام مشہور اصناف کم وبیش اپنا وجود بنا چکی ہیں۔ لیکن ہم بات کریں گے آج پہاڑی غزل کی۔ پہاڑی غزل جو پہاڑی زبان کی ایک قابلِ قدر صنف ہے اور یہ پہاڑی قوم کی ایک الگ پہچان قائم کرتی ہے۔ یہی غزل پہاڑی ثقافت کی غمّاز

بھی بنتی جارہی ہے۔ پہاڑی غزل نے قدیم روایت کوساتھ لے کر جدید دور میں بڑی جلدی اور انوکھے انداز میں داخلہ لیا ہے۔ پہاڑی زبان جو گندھارا تہذیب کی علامت، بُدھ دھرم کی پہچان اور پھر شومت کی جان کے علاوہ اسلامی تعلیمات اور تبلیغ کرنے کے لئے موزوں رہی اور اسے پہاڑی علاقوں کے باہر بھی پذیرائی مِلی۔ اِتنی قدیم اور جامع زبان کا ذخیرۂ الفاظ کس قدر ہونا چاہیے۔ اگر چہ یہ علوم اپنے مخصوص وقت کے ساتھ ہی کیوں نہ تعلّق رکھتے ہوں۔ پر ہمارے پاس اُن قدیم علوم میں سے کُچھ بھی محفوظ نہیں، جو اس دور میں مرتب ہوئے وہ زمانے کے اُلٹ پھر سے برباد ہو گئے۔

جس زبان کی جڑیں گندھارا تہذیب اور بُدھ مت سے جُڑی ہوئی ہوں، تو کون یقین کرے گا کہ اس میں شاعری جیسی کوئی چیز موجود نہ ہو۔ یونانیوں نے عربی علوم سے فیض حاصل کیا۔ عربوں نے پھر یہ علوم ڈھونڈ نکالے، پر یہ سب کچھ تب ہی ممکن ہوا کہ ان کے رسم الخط محفوظ تھے، مگر پہاڑی زبان کا یہ نصیب کہاں تھا کہ اس کا رسم الخط مع علوم کے محفوظ رکھا جاسکتا۔ کے، ڈی، مینی اپنے ایک مقالے ''پہاڑی غزل ......اک مطالعہ'' میں لکھتے ہیں کہ:

''جموں وکشمیر پہاڑی زبان کی بنیادیں بڑی گہری ہیں۔ کہا جاتا ہے یہ زبان دو ہزار سال پہلے جموں وکشمیر میں بُدھی عالموں نے رائج کی تھی۔ اس کی ضرورت اس وجہ سے پیش آئی کہ اس دور میں ریاست میں سنسکرت زبان رائج تھی اور جب بُدھ مذہب پھیلا تو انھیں اس مذہب کا پیغام عام آدمی تک پہچانا تھا جس کیلئے کسی ایسی زبان

کی ضرورت تھی جو عام لوگوں کے نہایت ہی قریب ہو۔ سنسکرت کو عام آدمی نہیں سمجھ سکتا تھا۔ اس لئے انھیں عالموں نے شاردا یونیورسٹی میں باہم مشورہ کے بعد ایسی زبان دریافت کی جس کا اسکرپٹ شاردا کہلانے لگا اور جس میں مقامی زبانوں کے سارے الفاظ کو شامل کیا گیا۔ یہ زبان بہت ہی سادہ اور سمجھ میں آنے والی تھی، اس طرح یہ بُدھی پیغام اس پہاڑی خطے سے جموں وکشمیر میں پھیلا''۔

اس اقتباس سے یہ بات عیاں ہوتی ہے کہ اس وقت پہاڑی زبان کو شاردا اسکرپٹ دی گئی، مگر اس اسکرپٹ کو آج نہ کوئی پڑھنے والا ہے اور نہ ہی لکھنے والا۔ اس میں سے کچھ حصّہ اب موجود ہے۔ لیکن ہم اس سے لاعلم اور لاتعلّق ہیں۔ ایک فطری بات ہے کہ بُدھ مذہب کی اتنی بڑی یونیورسٹی تھی اور پیغام کے لئے چُنی گئی زبان میں تحقیق کا کام نہ ہوا ہو اور مواد اِکٹھا نہ ہوا ہو یہ ناممکن ہے۔ لیکن اس بات کا آج تک ہمارے پاس کوئی ثبوت نہیں۔ البتہ ساتویں صدی عیسوی میں چینی سیّاح ہیونگ سانگ جس وقت کشمیر آیا اور دو سال یہاں قیام کر کے بُدھ مذہب کا علم حاصل کرتا رہا۔ اس نے شاردا یونیورسٹی کے متعلق لکھا ہے کہ یہاں مقامی زبان میں تعلیم دی جا رہی ہے۔ کُچھ لوگوں نے پہاڑی زبان کو لاوارث دیکھ کر مقامی زبان کو کشمیری کہا۔ مگر تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ وہ مقامی زبان پہاڑی تھی جو کئی طوفان جھیلنے کے بعد اب نئے سے اپنی جڑوں سے تنے اور شاخیں نکالنے لگی ہے۔

اسی طرح دردقوم اور کھش جو پہاڑی تھے، اُن کا دور ایک مکمّل طاقت سے بھرپور دور گزرا ہے۔ ایسا تو کبھی نہیں ہوا کہ کسی قوم کے پاس طاقت اور تاج وتخت ہو اور

وہ اپنی زبان کو ترقی نہ دے۔ ہاں ایک بات ضرور ہے کہ قدیم زمانے میں مُلکی ہوس اور مذہب کی بنیاد پر جنگ میں فتح پانے والے مفتوح قوم کے تہذیب وثقافت اور علم کے خزانے کو مٹا دیتے تھے۔ اس قسم کے سینکڑوں ثبوت تاریخ میں ثبت ہیں۔

خوش دیو مینیؔ اس بارے میں لکھتے ہیں کہ:

دسویں صدی عیسوی میں جب بُدھ مذہب پر ہندوستان کا زوال آیا اور ہندو مت کا پھر بول بالا شروع ہوا اور بُدھوں کے ساتھ ہی ان کی زبان بھی نیست و نابود ہوگئی۔ اس میں ادب کی تخلیق بند ہوئی۔ دربار کی طرف سے عتاب شروع ہوا اور پُرانے ادب کو آگ کی نذر کر دیا گیا۔

بُدھی لوگ شہروں سے راہِ فرار اختیار کر کے دور دراز پہاڑوں اور غاروں میں پناہ لینے پر مجبور ہوگئے۔ جہاں تعلیم کا اُجالا نہیں پُہنچ سکا۔ اس طرح ان کی زبان محض ایک بول چال تک ہی محدود ہوگئی۔ نسلیں تبدیل ہوئیں۔ صدیاں گزر گئیں۔ مذہب اور عقیدے تبدیل ہوئے پر یہ زبان لوگوں سے نہیں چھوٹی۔ کیونکہ اب یہ پہاڑوں میں رہنے والے لوگوں کی آپسی بول چال کی زبان تھی۔ اس لئے اسے پہاڑی کہا گیا۔ یوں صدیوں تک سینہ بہ سینہ آگے بڑھتی رہی۔ خط و کتابت کا کوئی رواج نہیں تھا بس کچھ اگر تھا تو وہ لوک ادب تھا جو لوگوں کو زبانی یاد تھا اور ایک دوسرے کو سنانا جن میں کہانیاں اور گیت تھے جو سُنے سنائے جاتے تھے۔''

میری بات کی تصدیق کے لئے موصوف کا اقتباس کافی ہے۔ ایک بات اور نکل کے سامنے آئی کہ پہاڑی لوگ شہروں سے بھاگ کر پہاڑوں میں جا بسے۔ قدیم

تواریخ میں کشمیر کی وجہِ تسمیہ کھا شاقبیلہ کی طرف نسبت بیان کی گئی ہے۔ یوں جب ادب تخلیق نہ ہوتو یقیناً زبان محض ایک بولی کی حدتک زندہ رہ سکتی ہے۔لیکن پہاڑی زبان کا لوک ادب وافر مقدار میں موجود ہے۔جس میں کہانیاں، گیت وغیرہ شامل ہیں۔لوک گیتوں کو دیکھیں تو وہ وقت کے ساتھ بنتے اور بگڑتے رہتے ہیں۔مثال کے طور پر یہ شعر۔

تُسیں سامنے بسدے ماہیا

اَساں دِکھ کے ہسدے مایا

اس شعر یا بیت کو دیکھیں تو اس کا قافیہ، ردیف ضرور علمی وراثت کی دین ہے۔

ہائے چاک گریباں ماہڑا وے

ہائے سڑ گیا دِل داٹھارا وے

اس بیت میں تصوّف کی گہرائی اس بات کی غمازی کرتی ہے کہ یہ کسی عمیق علم کی وارث زبان کا بیت ہوسکتا ہے۔قبل از اسلام عربوں کی بھی کُچھ ایسی ہی حالت تھی کہ بلا کا حافظہ ہونے کے باجود لکھنے پڑھنے کا عام رواج نہیں تھا لیکن ان کی قدیم شاعری آج بھی دنیا کے ادب میں سرِ فہرست ہے۔نزولِ قرآن کے وقت صرف چند افراد ہی لکھنا پڑھنا جانتے تھے۔ٹھیک اسی طرح پہاڑی قوم کے حافظے کی ایک قدیم روایت رہی ہے۔کہ وہ اسلام قبول کرنے کے بعد بھی اپنے حافظے پر فخر کیا کرتے تھے۔

یہ حافظہ تھا جس نے پہاڑی لوک ادب کو کسی خانے میں زندہ رکھا اور اس کی

جھلکیاں مختلف انداز سے نمایاں ہورہی ہیں۔

کہاہ کپاں دراٹی پچ گئی ہے
کوئی کالی نی بدلی گج گئی ہے

آج اگرچہ پہاڑی زبان کے پاس قدیم ادب موجودنہیں ہے لیکن انھیں آج بھی اپنی زبان دانی اور حافظے پر فخر ہے۔ مؤرخین کے مطابق جب جموں وکشمیر میں مسلمان مبلّغین آئے اور اُنہوں نے توحید کا درس دیا، تو اس وقت تک یہاں کے پہاڑی لوگ لکھنا پڑھنا بھول چُکے تھے۔ بقولِ کے ڈی مینّی:

''جموں وکشمیر میں یہ لوگ مسلمانی عقیدے کے ساتھ تعلّق رکھتے تھے، جنھیں ہندی یا شاردالپی نہیں آتی تھی، اسی لئے ان میں جب لکھنے پڑھنے کا رواج ہواتواردوشاہ مُکھی میں لکھنا شروع کیا جس کی مثال سیف الملوک ہے، جو ۱۹۰۷ء سے پہلے رقم ہوئی، جب کہ سائیں قادر بخش، محمد بوٹا، نواب پنچھی اور فقیرالدین وغیرہ نے اسی لہجے میں شاعری کی ۔ پران کی شاعری پر پنجابی غالب رہی۔ اس طرح آزادی سے قبل پہاڑی میں ''بیت، سی حرفی، مثنویاں، اور بارہ ماہے'' لکھے گئے۔ پرغزل تک کوئی نہیں پہنچ سکا''۔

موصوف نے صرف اردو کا ذکر کیا ہے جب کہ ابتداء عربی اور فارسی سے ہوئی ہے اور اکثر پہاڑی زبان کے علماء ان دوزبانوں سے اچھی طرح بہرہ مند تھے، البتہ اُنھوں نے اردو کے طرز پر، پنجابی لہجہ کی مدد سے پہاڑی زبان میں شاعری کو پروان چڑھایا۔ یہ بات توسبھی جانتے ہیں کہ زبان کی تبدیلی اس کی ترقی کی ضامن ہے۔ اگر

زبان رُک جائے یاساکن رہے تو یہ اس کی مرگ کی نشانی ہے۔

غزل ہمیں اس دور میں کیوں نہیں ملتی اس کی وجہ یہ ہے کہ جس طرح اردو کو محمد قلی قطب شاہ جیسے سرپرست ملے پہاڑی زبان اس سے محروم رہی۔ اگر چہ مظفرآباد سے کرناہ تک پہاڑیوں نے دیر تک حکومت کی مگر یہ امن وسکون کا زمانہ نہیں تھا بلکہ وہ اس دور میں کسی نہ کسی محاذ پر نبرآزمادرہے اور اندرونِ ملک یا ریاست پر توجہ دینے کا موقع کم ہی مِلا۔ دوسری بڑی وجہ یہ ہے کہ پہاڑی زبان میں شاعری کرنے والے اکثر بزرگ شاعری کے ذریعہ دین اسلام لوگوں تک آسان طریقے سے پہچانا چاہتے تھے یا کچھ دوسرے لوگ اپنی اندر کی بھڑاس کو شعر کا جامہ پہنارہے تھے۔ ایک بات یاد رہے کہ سیف الملوک کا زمانہ ۱۹۰۷ء کے قریب قرار دیا گیا ہے لیکن تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ ۱۸۵۰-۷ء کے دوران لکھی گئی ہے۔ یہ کلام تو ہمارے پاس موجود ہے لیکن بات غزل کی ہورہی ہے۔ بات پھر وہیں جاتی ہے کہ عام لوگوں میں شرحِ خواندی نہ ہونے کے برابر رہی، اور عام لوگوں کو اس کے مواقع بھی میسّر نہ ہوئے تھے کہ مُلک تقسیم ہو گیا جس کا سب سے زیادہ اثر پہاڑی زبان بولنے والی آبادی پر پڑا۔ آزادی کے وقت ہمارا پہاڑی خطّہ دو حصّوں میں بٹ گیا آدھے اِدھر اور آدھے پار چلے گئے، کسی کا باپ اِدھر اور بیٹی اُدھر، بہن اِدھر تو بھائی اُدھر۔ اوپر سے بار بار حالات کی سنگینی اور جنگ۔ اس لئے پہاڑی ایک عرصہ تک اپنے زخموں پر مرہم پٹی کرنے میں مصروف رہے اور اس طرف دھیان نہ دے سکے۔ پھر اس طرح مصیبتیں اور تکلیفیں جھیلتے رہے اور بہ مشکل زندگی کے دن گزارتے رہے اور دونوں ملکوں کی رسہ کشی میں ہمیشہ پہاڑی ہی

کچلا گیا۔اور یہ جنوری کے یخ بستہ کہورے کے نیچے دبے رہے۔ پھر جب تھوڑی سی سیاسی دھوپ نکلی تو یہ ادب کے پھولوں سمیت باہر نکل آئے اورانہوں نے عرصۂ دراز سے بنجر پڑی ہوئی زمین میں ادب کا بیج بونا شروع کر دیا۔

بقولِ کے، ڈی، مینیؔ ۱۹۷۵ء میں جب شیرِ کشمیر دوبارہ برسرِ اقتدار آئے تو اُنہوں نے دیگر زبانوں کی طرح ہمارے کلچر کی طرف دھیان دیا۔ ۱۹۷۸ء میں کلچرل اکیڈیمی میں پہاڑی شعبہ قائم کیا گیا اور اگلے سال ریڈیو کشمیر سرینگر سے پہاڑی میں چھوٹا موٹا پروگرام شروع ہوا۔اوراس حوصلہ افزائی سے نئے لکھاڑیوں کا ایک قافلہ چل پڑا۔ یہ وہ لکھاڑی تھے جن کی ماں بولی پہاڑی تھی تعلیم یافتہ تھےاوران میں سے اکثر محکمۂ تعلیم میں مدرّس اور دوسرے ملازم تھے، اُنھوں نے اصل میں اردو میں تعلیم حاصل کی تھی اوراُردو ہی پڑھاتے تھے۔ جہاں غزل کوشاعری کا بادشاہ مانا جاتا تھا۔اور جب یہ پہاڑی کی طرف آئے تو اُنھوں نے بھی غزل میں طبع آزمائی کی۔ قطعِ نظر پہلے تو یہ ایک عیب سا لگنے لگا کیونکہ پہاڑی میں لکھے جانے والی غزل کا چربہ صاف دِکھنے لگا لیکن پھر جلد ہی یہ رواج کم ہوااور پہاڑی غزل نے اپنی ایک الگ پہچان بنالی۔

پہاڑی شاعر محمد عظیم خان اپنے ایک مقالے ''پہاڑی غزل داترِی سالہ سفر'' (شیرازہ پہاڑی گولڈن جوبلی نمبر ۸۔۶۔ جلد ۲۹) میں غزل کو دوحصّوں میں بانٹتے ہوئے لکھتے ہیں کہ ''غزل قدیم اورغزل جدید''

غزلِ قدیم میں وہ غزلیں شامل ہیں جو ۱۹۷۹ء یعنی کلچرل اکیڈیمی میں ''پہاڑی شعبہ قائم ہونے سے پہلے لکھی گئی ہیں۔ان کی تعداد بہت ہی کم ہے۔اس کی

وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے کہ اگرچہ اس دور میں غزل شناس شعراء کافی تعداد میں گزرے ہیں لیکن وہ غزل گوئی کی طرف کم دھیان دیتے تھے۔

غزلِ جدید:- یہ غزل کی دوسری قسم ہے۔ یہ ۱۹۷۹ء کے بعد شروع ہوئی۔ پہاڑی غزل کا یہ دور ہمارا موضوعِ بحث ہے۔ اس دور میں پہاڑی غزل نے محدود عرصہ میں ایک لمبی مسافت طے کی۔ اس لمبے سفر کے دوران پہاڑی غزل میں کچھ خاص اور اہم تبدیلیاں رونما ہوئیں۔ کیونکہ قدیم دور کے برعکس اس دور میں غزل گو شعراء زیادہ اور غزل شناس شعراء کم پیدا ہوئے اور پہاڑی غزل کے میدان میں دانستہ اور نادانستہ طور پر کچھ نشیب وفراز سامنے آئے''۔

محمد عظیم خان جلدی ہی اُن کو گمنامی کے جنگل کی طرف واپس دھکیل دیتے ہیں جو غزل کو کھیل تماشہ سمجھ کے اس میدان میں کودے تھے۔ بعض لوگوں نے کوشش نہیں چھوڑی تو وہ آگے چل کر کامیاب ہوئے۔ خوش دیو مینیؔ اور فدا راجورویؔ اس بات پر متفق ہیں کہ غزل اردو سے پہاڑی میں آئی۔

اب بات اگر یہاں تک پہنچ گئی ہے تو قصیدہ کا ذکر کیوں نہ ہو۔ قصیدہ عربی سے فارسی میں آیا۔ فارسی شعراء نے قصیدے کی تشبیب یا تمہید میں سے محبوب کا سراپا الگ کیا، غزل بنائی اور پھر غزل ایک مستقل صنف بن گئی۔ اسی حالت میں یہ اردو اور پھر پہاڑی میں آئی اور یہاں اسے غزل کا نام دیا گیا۔ قصیدے کی طرح غزل کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرے ہم قافیہ ہوتے ہیں، مطلع کہلاتا ہے۔ غزل کے ہر دوسرے مصرعہ میں قافیہ کی پابندی کی جاتی ہے اور ہم قافیہ الفاظ کا استعمال کیا جاتا ہے۔ غزل کا

آخری شعر مقطع کہلاتا ہے۔جس میں شاعر اپنا تخلّص استعمال کرتا ہے۔غزل میں کم از کم سات شعر اور زیادہ سے زیادہ اکیس شعر ہوسکتے ہیں۔ پر اس کی پابندی سختی سے نہیں کی جاتی۔غزل میں بحر کے علاوہ قافیہ لازمی ہے۔اس کے ساتھ اگر ردیف کا اضافہ ہو تو بہتر ہے۔ردیف قافیہ کے بعد برتا جاتا ہے۔ایڈوکیٹ بشارت حسین کی یہ غزل جو بڑی معنی خیز ہونے کے باوجود ہلکی پُھلکی سی محسوس ہوتی ہے۔پیش کی جارہی ہے۔

اوہ دینہہ اَجاں نیہہ چڑھیا لوکو
گئے سیال تہ برہیا لوکو
ہر مَتھے پُر خوف لکیراں
خوشیاں پیرنیہہ تہَریا لوکو
روز پڑھاں اخبار اندر
ایہہ مریا اوہ مریا لوکو
لال گلاباں نے موسم بچ
رتو نا رنگ پہَریا لوکو

اس غزل کا پہلا شعر مطلع ہے۔چڑھیا، برہیا،تہَریا،مریا،پہَریا قافیے ہیں اور ''لوکو' ردیف ہے۔ڈاکٹر جہانگیر دانشؔ کی غزل کا بھی ایک مقطع پیش ہے:

نہیں حیران دانشؔا!
مِٹ گیا خواب ہک

غزل میں ردیف کے استعمال سے ایک نغمگی پیدا ہوجاتی ہے۔غزل کا ہر

ایک شعر معنی کے لحاظ سے مکمل ہوتا ہے۔ اس کا دوسرے شعر کے ساتھ معنوی رابطہ ہونا ضروری نہیں۔ اگر چند شعروں میں خیال کا تسلسل ہو تو اس کو غزلِ مُسلسل کہیں گے۔ غزل کے ایک یا دو مصرعوں میں کسی وسیع مضمون کو ادا کرنا ہوتا ہے۔ جو آسان نہیں، اسی لئے شاعر مختلف تدابیر اختیار کرتے ہیں۔ ایک راہ یہ ہے کہ بات کے کسی حصّے کو حذف کر دیا جائے اور اس کی طرف صرف اشارہ کیا جائے۔ جیسے محمد عظیم خان کا یہ شعر۔

کِسے ہمدردنی گل پُر مِکّی اج اعتبار آیا
میں جس کی ہِند ہِند سٹیا اوئی آخر بکار آیا

اس شعر میں شاعر کہتا ہے کہ مجھے کسی ہمدرد کی بات پر آج اعتبار آیا۔ جس کو میں نے دھتکار دیا وہی آخر مشکل میں کام آیا۔ اس شعر میں یہ بات محذوف ہے کہ شاعر کو کس بات پر اعتبار آیا اور جسے دھتکارا تھا وہ آخر کس کام آیا۔ کلام کے جس حصّے کو محذوف کیا گیا ہو اس کا علم یا اس کا جاننا قاری کی اپنی استعداد پر موقوف ہے۔ کبھی کسی شاعر کے مخصوص انداز سے اس کے کلام کا مفہوم حاصل ہوتا ہے۔ شعر میں ایمائیت پیدا کرنے کے بہت سے طریقے ہیں۔ کسی شعر کی ایمائیت غیر معیّن ہوتی ہے اور یہ بات پڑھنے والے پر چھوڑ دی جاتی ہے کہ وہ اپنے تجربے، مشاہدے اور تخیّل سے کام لے کر کون سا مفہوم پیدا کرتا ہے۔ مثلاً ڈاکٹر صابر مرزا کا یہ شعر۔

دِل بچ چن ماہی لُکیا ہے
تائیں ماہڑا ساہ سُکیا ہے

معنی: دِل میں وہ چاند سا محبوب چُھپا بیٹھا ہے۔ اسی لئے خوف کے مارے سانس رُک

گیا ہے۔محبوب کو دِل کے اندر بسا کے ہر وقت اسی کا خیال کر کے عاشق اس بات سے ڈر رہا ہے کہ لوگوں کو خبر نہ ہو جائے۔یا محبوب روٹھ کر چلا نہ جائے۔یا وصال کے انتظار میں وہ عشق کی ریگستانی دھوپ میں پڑ گیا ہے۔پھر بھی اس کے اندر اس قدر ڈر اور خوف کیوں ہے اس بات کو بیان نہیں کیا گیا ہے۔

ذاکر فیاضیؔ کا یہ شعر بھی ملاحظہ ہو۔

وطناں نے بِچ جداوہ آسن
چوکھے رنگ بہاراں لاسن

یہ بات واضح نہیں ہے کہ وطن میں کون آنے والا ہے کیونکہ شعر کے معنی ہیں: جب وہ وطن میں آئے گا تو بہاریں الگ ہی رنگ بکھیریں گی۔ یہ محبوب کی آمد کی خوشخبری ہے یا عادل بادشاہ کی ۔مفہوم پوشیدہ ہے۔غزل میں براہِ راست کوئی بات بیان نہیں کی جاتی،اظہار کا بالواسطہ پیرایہ اختیار کیا جاتا ہے۔یہ کام مجاز اور صنائع و بدائع سے لیا جاتا ہے۔

مجاز:-اگر کلام میں لفظ لغوی معنوی میں استعمال ہو تب تو اس کو حقیقت یا حقیقی معنیٰ کہیں گے۔اس کے برعکس اگر ایسے معنیٰ مراد لئے جائیں جو اس کے حقیقی معنیٰ ہوں تو اس کو مجاز کہیں گے۔ مجاز کی چار اقسام ہیں(۱) تشبیہ(۲) استعارہ(۳) مجازِ مُرسل(۴) کنایہ۔

تشبیہ میں ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ مشابہت دی جاتی ہے۔مثلاً ؎

ہے ٹُور تیری بانکی، پیراں نی اُف نزاکت

قدماں ناہر نقش ہک آستان ہونہ جائے

(محمد سرور ریحان)

معنی: تیری چال میں یہ بانکپن اور قدموں کی یہ نزاکت اس قدر ہے کہ کہیں تمہارے نقش پا آستانہ نہ بن جائیں۔

یا ؎

چن نا ٹوٹا، خوشبو، شبنم، پُھل، ہوا تہ رنگ
اس کی ہور میں کیہہ لکھاں جیہڑا دل نا جانی ہے

(پرویز مانوسؔ)

تشبیہ کے پانچ اجزاء ہوتے ہیں۔

(۱) مُشبّہ: جسے تشبیہ دی جائے۔

(۲) مشبّہ بہ: جس سے کسی چیز کو تشبیہ دی جائے۔

(۳) وجہِ تشبیہ: وہ خصوصیت جس کی وجہ سے تشبیہ دی گئی ہو۔

(۴) غرضِ تشبیہ: جس مقصد کے لئے تشبیہ دی گئی ہو۔

(۵) حروف تشبیہ: وہ حروف جن کے ذریعے مشابہت دی جائے۔

جیسے مخلص وجدانؔی کا یہ شعر ؎

مُکھڑے اُتے زُلف دا کنڈل
بیٹھا سپ خزانے اُتے

اس طرح مشبّہ کی دو قسمیں ہیں۔(۱) عقلی یا خیالی۔(۲) حسی تشبیہ۔

مثال۔

کنڈیاں دے اس شہرا اندر
لیراں نالو پھٹرنا پیسی
(خورشید منوّر)

کانٹوں کے اس شہر میں اٹکے ہوئے کپڑے کی طرح پھٹنا پڑے گا۔یہ عقلی تشبیہ ہے اور اگلا شعر حسی تشبیہ کے تعلّق سے ہے۔

چوب ہزاراں لگدے رہسن
پتھر بن کا جرنا پیسی
(خورشید منوّر)

یہاں کانٹے چبھتے رہیں گے مگر ایک پتھر کی طرح سب چُپ چاپ سہنا ہوگا۔اس کی اور بھی کئی اقسام ہیں۔جیسے سماعت، لمسی، شامی، مذوقی وغیرہ۔

استعارہٗ مجاز کی دو قسمیں ہیں:۔ استعارے کی بنیاد تشبیہ پر ہوتی ہے۔تشبیہ میں مُشبّہ اور مُشبّہ بہ میں مشابہت دکھائی جاتی ہے۔ جب کہ استعارہ میں مشابہت کی وجہ سے مُشبّہ کو مُشبّہ بہ کہتے ہیں۔اگر کہیں احمد شیر کی طرح بہادر ہے تو یہ تشبیہ کہلائے گی لیکن بہادری کی صفت کی وجہ سے احمد کو شیر کہیں تو یہ استعارہ ہوگا۔

اکھیاں مست شراب پیالے
پی میں مست قلندر لکھساں
(خورشید منوّر)

معنی آنکھیں مست شراب کے پیالے ہیں میں پی کر مست قلندر ہو جاؤں۔
اردو زبان کی طرح پہاڑی غزل بھی بڑی حد تک استعاراتی ہے۔ ہر استعارہ تشبیہ کے مختلف علاقے رکھتا ہے۔جنہیں تلازمہ کہتے ہیں۔ مثلاً باغ، دریا، سرگی، رات، وغیرہ ایک خاص تلازمہ ''شیشہ'' ہے۔جس کو عموماً صوفیہ تخلیق کار صفائی کے معنی یا تمثیل کے کام میں لائے ہیں۔

استعاروں کا سلسلہ میکدہ اور اس کے متعلّقات جیسے ساقی، رِند، شراب، مستی، زاہد وغیرہ ہیں۔ ان کے بعد دوسرا بڑا دائرہ متعلّقاتِ قتل کا ہے۔غزل کا محبوب قاتل اور عاشق بسمل ہوتا ہے۔ مثلاً خنجر، تیر، چُھری، لہو، زخم، دار و رسن وغیرہ مزید استعارے بھی ہیں۔متعلّقاتِ سفر، متعلّقاتِ بحر، متعلّقاتِ جنون، متعلقاتِ مرضِ عشق، متعلقاتِ کفر و ایمان، متعلّقاتِ بزم۔

مجازِ مُرسل: اس کی تعریف یہ ہے کہ لفظ کو لغوی معنوی کے علاوہ کسی اور معنی میں استعمال کیا جائے۔

مجاز کی چوتھی قسم کنایہ ہے۔لُغت میں پوشیدہ بات کہنے کو کنایہ کہتے ہیں، علمِ بیان میں کنایہ وہ لفظ یا الفاظ ہیں جو حقیقی معنوں میں استعمال نہ ہوں بلکہ ان کے غیر حقیقی معنی مراد ہون۔

صنعت نگاری: غزل کے فن میں صنعت نگاری کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ صنائع کے برتنے سے شعر میں کئی فائدے حاصل ہوتے ہیں۔ اس سے شعر میں جہاں معنوی دلکشی پیدا ہوتی ہے، وہیں اس میں نغمگی کا اضافہ ہوتا ہے۔

صنائع کی دو قسمیں ہیں۔(۱)صنائع لفظی (۲)صنائع معنوی۔اس طرح لفظ اور معنی کو قطعی طور پر الگ نہیں کیا جا سکتا، پر معنی سے کچھ دیر کے لئے صرفِ نظر کر کے حروف کو مجموعہ تصوّر کرتے ہوئے شعر میں اس کے اندراج سے الگ انداز پر نظر ڈال سکتے ہیں اور صوتی خوبیوں کی نشاندہی کی جا سکتی ہے۔ کچھ لفظی صنعتیں معنوں سے جُڑی ہوئی ہوتی ہیں جیسے تجنیس تام،صنائعِ معنوی کا تعلّق معنوی خوبیوں کے ساتھ ہوتا ہے۔لیکن صنائع معنوی لفظوں سے بے نیاز نہیں ہو سکتیں۔

صنائع لفظی

صنعتِ تجنیس تام:۔شعر میں دو ایسے لفظ لائے جائیں جن کا تلفّظ ایک ہو پر معنی الگ الگ ہوں۔

عزیز دچھنوی کا یہ شعر ۔

اس بجلی کو پوا ہک وار بجلی
غریباں کو ستیندی ہے بجلی

معنی اس بجلی پر ایک ہی بار آسمانی بجلی گرے کیونکہ یہ غریبوں کو ستاتی ہے۔

صنعتِ تجنیس محرف: شعر میں ایسے الفاظ کا استعمال جن کے حروف ایک ہوں۔ پر حرکات اور سکنات میں فرق ہو۔مثلاً ڈاکٹر صابر مرزا کا یہ شعر ۔

ہرے ہوئے سب سُکے بوٹے
فِر آئے پَھل پُھل نے موسم

معنی: تمام خشک پیڑ ہرے ہو گئے پھر سے پھل اور پھول کے موسم آ گئے۔تجنیس کی اور

بھی کئی اقسام ہیں، پر یہاں اسی پر اکتفا کرتا ہوں۔

صنعتِ اشتقاق :۔شعر میں ایسے الفاظ لائے جائیں جو ایک ہی مادّہ سے مشتق ہوں۔مثلاً

حق بحق ہوسی جدوں وی سارے کُھلسن راز وی
سامنے آئی حقیقت ٹُر دلالی مُک گئی
(محمد سرور ریحانؔ)

یعنی آخر کار حق تو حق ہے جب سامنے آئے گا تو تمام راز کُھل جائیں گے اور حقیقت کے سامنے آنے کے بعد یہ دلاّلی کہاں چلنے والی ہے۔

اس شعر میں حق، بحق، حقیقت یہ تینوں ایک ہی مادے مشتق ہیں۔

صنعتِ تکرار:۔ شعر میں مکرّر لفظ لائے جائیں ۔لفظوں کے تکرار سے اصوات(آوازوں) کی بھی تکرار ہوتی ہے۔جس سے نغمگی پیدا ہوتی ہے۔مثلاً

بیری آخر بیری ہوندا ہے
بیری پھل کے ہار نیہنہ دیندا
(کریم اللہ قریشی)

شہراں شہراں ، بستی بستی
ہر پاسے لگّے در لگن
(اقبال نسیم)

صنعتِ متتابع :۔بات میں سے بات جس وقت نکالتے ہیں تو اس کو صنعتِ متتابع کہتے

ہیں۔اس صنعت میں عموماً لفظ مکرّر رلائے جاتے ہیں۔مثلاً

اقبالؔ اَساں دِلبر لوکاں کو
پتھر دل وی دِلبر لگن
(اقبال نسیم)

صنعتِ قلب:۔اس صنعت میں ایسے دو لفظ لائے جاتے ہیں جن کو پلٹنے سے دوسرا لفظ بن جاتا ہے۔مشکور احمد شادؔ کا یہ شعر

تاریاں دی لوہ ٹُٹی کال ایہہ کیہجا پے گیا
غم دی کالی رات ہوئی تہ سویرا ٹہہ گیا

صنعتِ ردّ العجز علی الصّدر:۔شعر کے دونوں مصرعوں کو تین حصّوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔صدر،حشو،عروض۔ابتداء،خشو،عجز۔

ڈاکٹر صابر مرزاؔ کا یہ شعر ملاحظہ فرمائیں جس کا لفظ ''سوہنی'' صدر میں ہے اور دوسری جانب ابتداء میں ہے۔

سوہنی رُت صابر کہر آئی
سوہنے نے اج کل نے موسم

عروض،حشو،صدر

شربت مٹھے پیاں پیالے،ہور شراب پرانے
کھان پلا کباب فلودے،رنگ رنگا دے کھانے
(تاج الملوک،بنام سیف الملوک میاں محمد بخشؒ)

صنعت قطار البعیر:۔اس کے پہلے مصرعہ کا آخری لفظ اور دوسرے مصرعے کا پہلا

لفظ ایک ہی ہوتا ہے۔جیسے خورشید منوّر کا یہ شعر ہے۔

خالی ہے دامن قسمت ہے بگڑی
بگڑی بناواں، دِل آکھدا ہے

صنعتِ ترصیع:-شعر کے دونوں مصرعوں میں ترتیب سے ایسے الفاظ لائے جائیں جو ہم قافیہ اور ہم وزن ہوں۔

رب جیا قہار سُنیدا خوب بھلا اس بابو
ہے ستار غفار ہمیشہ رحم اُمیدا جنابوں
(میاں محمد بخشؒ)

ترصیعِ مماثلہ:- دونوں مصرعوں میں الفاظ علی الترتیب ہم وزن ہوں ہم قافیہ نہ ہوں۔مثلاً محمّد عظیم خان کا یہ شعر۔

نور نہیہ،شعور نہیہ،دل دماغ ہوش نہیہ
بے عمل ہے زندگی،تاریاں دادوش نہیہ

صنعتِ ذوالقافیتین:-یہ ہے کہ شعر میں دو قافیے ہوں جیسے۔

پُھلاں ناں بازار بناساں
چُنی چُنی تہ ہار بناساں
(فضل حسین کوثر)

صنائعِ معنوی:-صنائعِ معنوی سے شعر کی معنوی خوبیاں واضح ہو جاتی ہیں۔ذیل میں چند صنعتوں کے بارے میں بیان کیا جاتا ہے۔

صنعتِ تضاد :-شعر میں ایسے الفاظ لائے جائیں جن کے معنی ایک دوسرے کی ضد ہوں۔اس کو صنعتِ طباق بھی کہتے ہیں۔غلام قادر غائرؔ کا یہ شعر پیش ہے جو صنعتِ تضاد کی مثال ہے۔؎

مِٹھی زندگی نے کنڈے پُھلاں تھیں چنگے لگنین
ماہڑی زندگی نے دُشمن سجناں تھیں چنگے لگنین

اس شعر میں کنڈے،پُھل ،دشمن،سجن،متضاد الفاظ ہیں۔

صنعتِ ایہام :-شعر میں ایسا لفظ برتا جائے جو دو مفہوم رکھتا ہو۔ایک قریب کا مفہوم جس کی طرف فوراً ذہن منتقل ہو۔دوسرا مفہومِ بعید جو غور کرنے کے بعد سامنے آئے اور شاعر کی مراد دوسرا مفہوم ہو۔مثلاً؎

صحرا بچ مدہم جئ سیجل
ریتو بچ تہر سنیاں یاداں
(رشیدؔ قمر)

سیجل کے معنی ہیں تر ہونا ، بھیگنا اور اس کا بعید کا مفہوم ہے دل میں ٹھنڈک پڑنا،دل کو تسلّی ہونا،چھوٹی سی اُمید جاگنا۔

صنعتِ مراعات النظیر :-شعر میں ایسے الفاظ استعمال کئے جائیں جو آپس میں مناسبت رکھتے ہوں۔جیسے؎

برفوں نے حرفاں سنگ لکھے
تہیّاں بچ کتاب نے ورقے
(رشیدؔ قمر)

صنعتِ تجاہلِ عارفانہ:- کسی بات کو جانتے ہوئے لاعلمی کا اظہار کرنا۔

دہسو وی آخر ماہڑے تھیں کیہڑی خطا ہوئی
بِنا خطا دے ایہہ سزا کیہڑے سزا ہوئی

(اقبال نسیمؔ)

صنعتِ لفّ ونشر:- چند چیزوں کا مختصراً ذکر کر کے ان کی تفصیل بیان کرنا۔ مثلاً

زُلفاں کالی بدلی بچ ، ایہہ چن جیہا مُکھڑا کے سجدا
جس ویلے زُلفاں کُھل جاسن تہ چکور بچارا پُھل جاسی

(سید محمد ایوب ملنگامیؔ)

تعلیل: کے معنی ہیں علت یا وجہ بیان کرنا۔ مثلاً

اِنہاں تیرے کم نیہہ آنا
سپّاں نے مُنہ ہتھ نہ پاتوں

(میر محمد میرؔ)

اِس دیاں اکھیاں دِکھنے والے
پُھل گئے لوک شراب دی گل

(مخلص وجدانیؔ)

صنعتِ مشاکلہ:- دو مختلف چیزوں کا ذکر کیا جائے اور ان میں تشبیہ، استعارہ، محاورہ یا روزمرّہ کے استعمال سے آپسی رابطہ ظاہر کیا جائے۔ مثلاً

سُرخرو وی اِس دی بعد از مرگ دِکھ

اج اوہ سُرخی ہے ہر اخبار دی

(ڈاکٹر جہانگیر دانش)

صنعتِ عکس:۔کلام کے ٹکرے آگے پیچھے کر کے دوسرا مصرعہ بنا لینا۔مثلاً ؎

اسیں ہاں اِس دے خیال دی تصویر

جس دی تصویر ہے خیال اپنا

(ترجمہ:فانی بدایونیؔ)

صنعتِ مبالغہ:۔کسی بات کو بڑھا چڑھا کر بیان کرنا۔مثلاً ؎

تیرا چُپ رہنا ہے ایسا، سُتی سب لوکائی دِکھاں

ایسا لگنا ہے تیرا ہسنا، چاروں طرف صفائی دِکھاں

(سید مبارک علی نقویؔ)

(ا) پہلے شعر میں محبوب کی خاموشی سے شاعر کو پوری دنیا سوئی ہوئی لگتی ہے۔اس کو دنیا کی چُہل پُہل اور رونق محبوب کی باتوں میں اس کے مسکرانے میں نظر آتی ہے۔ دوسرے مصرعہ میں محبوب کا ہنسنا جیسے کوئی پوری دُنیا کی گندگی غلاظت کو صاف کر کے پاک کر دیتا ہے۔جس سے انسان کیا ہر جاندار نفرت، حسد، بُغض، تعصّب کینہ وغیرہ سے خالی ہو جاتا ہے اور ہر طرف محبت ہی محبت دکھائی دیتی ہے۔

شاعر نے محبوب کے چُپ رہنے اور ہنسنے میں اس قدر مبالغہ آرائی کی ہے کہ دنیا اس کے چپ رہنے کو دنیا کی ویرانی اور اس کے ہنسنے کو دنیا کی آبادی و رونق قرار دیا ہے۔

صنعتِ تلمیح:۔کسی مشہور قصّے، واقعے یا کردار یا شخصیت کے ذریعے کسی بات کی طرف اشارہ کرنا، تلمیح کے ذریعہ ایک یا چند لفظوں کے استعمال سے پورا واقعہ یا قصہ سامنے آجاتا ہے۔ یہ شعر میں کفایتِ لفظی اور ایمائیت پیدا کرنے کا ذریعہ ہے۔ مثلاً

دوئے جہاں بُھلائے دل تھیں خبر نہ رہئی والوں
رانجھے وچ سما محمّد چُھٹی ہیر جنجالوں

(میاں محمد بخش)

غزل کے موضوعات:

غزل کا خاص موضوع عشق ہے، غزل کا واحد متکلم عاشق ہوتا ہے، غزل میں وہ اپنے جذبات اور احساسات کا اظہار کرتا ہے۔ وہ محبوب کے حسن سے متاثر ہوتا ہے، اور اس کے سراپا کی تشبیہات اور استعارات کے ذریعے تصویر کشی کرتا ہے۔ سراپا نگاری کے علاوہ معاملات عشق کا بیان ہوتا ہے۔ وصل اور فراق کی کیفیات بیان کی جاتی ہیں۔ مثلاً۔

زُلفاں دی کال بدل، ایہہ چن جیہا مُکھڑا کے سجدا
جس ویلے زُلفاں کُھل جاسن تہ چکور بچار پُہل جاسی

(سید محمّد اقبال ملنگامیؔ)

غزل کے موضوعات میں بڑا تنوّع ہے۔ چنانچہ غزل میں ہر قسم کے موضوعات کو ڈھالا جاتا ہے۔ دُکھ، خوشی، ہجر و وصال، سکی اور جنجال، حق اور باطل کی لڑائی اور اسی طرح گرمی سردی وغیرہ ہر قسم کے موضوعات پہاڑی غزل میں آرہے

ہیں۔البتہ معیار کیا ہے؟ یہ ادبی معیار پر پوری اُترتی ہیں یا ان کا فیصلہ ابھی نقّادوں کی ذمہ داری ہے۔

محمد عبداللہ ناطقؔ کا یہ شعر جو اس دور کے انسان کے آپسی پیار و محبت اور ہمدردی سے عاری ہو جانے کی خوب عکاسی کرتا ہے۔

مِل مِل کے وی اوہ مِلدے نیہہ، خبرے کوئی پُہل خطا ہوئی
اوہ گل نہ رہئی، اوہ دل نہ رہیئے، بس آنا جانا باقی ہے

جیسے پہاڑی میں یہ محاورہ مشہور ہے کہ ’’اپنا مارے چھاماں سٹے تہ بگانا مارے تُہپا‘‘ کہ اپنا اگر مارتا ہے تو پھر بھی چھاؤں میں ڈالتا ہے اور پرایا مار کر دھوپ میں پھینک دیتا ہے۔ پر نور محمد نورؔ کے اس شعر میں اب یہ بات پرانی ہوگئی ہے کہ اگر اپنا مارے گا تو چھاؤں میں ڈالے گا۔

اپنا مار کے چھاویں سٹنا
ایہہ سپنے ہُن رہے نہ کوئے

ڈاکٹر علمدار حسین عدمؔ اس دنیا کی حقیقت اس طرح پیش کرتے ہیں۔ کہ اس دنیا سے بہت زیادہ اُمیّدیں نہ لگائیں۔

پکّے کوٹھے کے کرسو گے
ایہہ دنیا ہے آنی جانی

اس فتنے اور فساد کے دور میں نہ معلوم کون سی طاقت ہے جو صابر مرزاؔ کو یہاں چانن دِکھ رہے ہیں۔

چانن چانن اَکھیاں ہوئیاں
لواں کی کس راہ دھسیا ہیں

لیکن مرزؔا صاحب کو جلد ہی معلوم ہو جاتا ہے کہ وہ دراصل اس وقت کیسی دُنیا اور کیسے ماحول میں سانس لے رہے ہیں۔

منزل تہ آئیاں ہتھ ساراں
اوہ اج ہرراہ ٹکیا ہے

پھر وہ کہتے ہیں کہ میں نے بڑی کوشش کہ وقت کو بدلوں مگر وہ میرے اختیار میں نہیں تھا۔ یہ کہہ کران کے آنسوں بہنے لگتے ہیں۔

غم نیاں کھاراں لگیاں صابؔر
تاں ایہہ نیلا رُکھ سُکیا ہے

میاں کریم اللہ قریشی ہمیں ایسے ٹرپتے ملتے ہیں کہ وہ ابھی اپنے محبوب کو ملنے کے لئے بحرِ مُردار میں کود پڑیں گے۔ لیکن شاید انھیں معلوم نہیں کہ آج کا انسان بدل چُکا ہے، سجن وہ سجن نہ رہے اور یار وہ یار نہ رہے۔

ساون ٹھُندا پیئاں سجناں
کڈھن بور مکیئاں سجناں

شاعر کے جتن جو وہ اپنے ساجن، محبوب کی جُدائی سے بے قرار ہے۔

آ کہئر پہلا مُڑ کے توں ہُن
ڈاہڈیاں پیڑاں پیاں سجناں

شاعر کا جُدائی میں اس قدر بُرا حال ہوا ہے کہ آخر میں وہ شدتِ جذبات کا اظہار کچھ اس طرح کرتا ہے۔

مُکیا جدوں قریشی تاں توں
کے آئیں جے آئیں سجناں

ڈاکٹر صابر مرزاؔ کو اس بات کا احساس ہوتا ہے کہ ہم اپنی نسلوں کے لئے کیا نمونہ چھوڑ رہے ہیں۔ یہ تو خودکشی کے مترادف ہے۔

بڑا سوہنا مقدر سی جے صابرؔ ساڑی نسلاں نا
نہ اپنے آپ کی اپنے ہتھاں جے مارنے اس وی

ڈاکٹر جہانگیر دانشؔ غمِ فراق میں افاقہ کے لئے ایک نسخہ تجویز کرتے ہیں۔

مُچ نہ چھپ ہوا نشاؔ بچھڑ دیاں غم ہوسی
کہ دور یاں کُجھ تہ درمیان رکھیں

ماسٹر جمال الدین جمالؔ حضرت میاں بخشؒ کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے کچھ اس طرح دنیا کی تعریف کرتے ہیں۔

آخر تہرتی ٹھنڈی ہوسی
بے خصمی ایہہ رنڈی ہوسی
کِتنے خصم کھادے اِس سن
کِتنیاں سُن ایہہ بنڈی ہوسی

حضرت میاں محمد بخشؒ تصوّف اور معرفت کے دیئے جلاتے ہوئے دُنیا کی

بے ثباتی اور ناپائیداری کا ذکر یوں فرماتے ہیں۔

دانش منداں دا کم تائیں دُنیا تے دِل لانا
اِس بوہٹی لکھ خاوند کیتے جو کیتا سو کھانا
جس چھڈی ایہہ بچے کھاتی سوئی سُگھڑ سیان
ایسی ڈائین نال محمّد کاہنوں عقد نبھانا

اقبال نسیم کی غزل گوئی پہاڑی زبان کی عظیم شاعری میں شمار ہوتی ہیں۔

ہجر دا درد آسا کہ ارمان آسا
جو بھی آسا تہ بے حساب آسا

پہاڑی زبان میں کانٹوں پر جینے کا حوصلہ رکھنے والی شاعری بھی موجود ہے۔

نہ ڈرسی نہ جُھکسی کوئی
نفرت نے آثار مٹاساں

رشید قمر ایمان اور دُنیا کی حرص کے درمیان فرق کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

بدن چُنڈی تہ اَکھیں تک آجاسن کاگ نیہہ پُچھے
چلوا سے طراں خاباں نی فر اِک آس رہئی جاسی

اس دُنیا میں یہی ہوتا آیا ہے اور ہوتا رہے گا کہ ہر چیز کو دولت کے ترازو سے تولا جاتا ہے۔ جس وقت انسان ''دینٹم دینار کم'' کے اصولوں کو زندگی کا مقصد بنالیتا ہے تو پھر اس طرح کی آواز آتی ہے۔

چنانچہ محمد عظیم خانؔ اس بات کو اس طرح پیش کرتے ہیں۔

اتھے کلمہ تہ کلمہ خوان بکنا
جیئاں سودا سلف قرآن بکنا

نثار راہی آج کے انسان کی راہ کو تکتے ہوئے اس کی منزل کو تلاش کر رہے ہیں۔اس بات کو کچھ اس طرح بیان کرتے ہیں۔

اگاں بالی تکنے لوک
پھانبڑ اندر تھکھنے لوک
ایہہ دوائی مارو ہوسی
مُڑ مُڑ کیئاں چھکنے لوک
شرم حیات بس پیسہ پیسہ

تصوّف شاعری کی اولین پسند ہے۔کچھ رموز تو بندہ سمجھ لیتا ہے اور کچھ کو نہیں سمجھ پاتا جس کے لئے شاعر استعاروں سے کام لیتا ہے۔

میں اس کو ڈھونڈ نے لئی مجنون ہوا ں کدے
لیلیٰ دی شکل بچ کدے تھہاوے میں کے کراں
محمود دی تڑپ کدے ہوے مکو نصیب
زُلفِ ایاز بچ نظر آوے میں کے کراں

لیکن غزل کے مقطع میں شاعر نے ایک ایسی بات کی ہے کہ جس کا جواب نہیں ہے۔یعنی مشکل ترین، ایک طرف تو شریعت کی تلوار ہے تو دوسری طرف معرفت کا سمندر ہے۔نہ شریعت سے بھاگ کر معرفت کے سمندر میں غوطہ زن ہو سکتا ہے۔اور نہ

کوئی دوسری تدبیر، عبدالعزیز ملدیالؔ عجیب بات کہہ گئے ۔

چھوڑاں کدے نہ اس کو میں تھہاوے جے اوہ ندیمؔ
ہتھ بدھے بچ نماز دے آوے میں کے کراں

انسان کو ہمیشہ اپنی اوقات میں رہنے کی تلقین کرتے ہوئے شاعر کہتے ہیں ۔

خواہش باغ کی کر کے بیابانی کی نہ پُھلیو
طلب نی راہ بچ پے کے پریشانی کی نہ پُھلیو
ہزاراں بھیس بدلے تہ بدلنے بے اوہ بدلے
تُسیں اپنے پیار نے رشتے انسانی کی نہ پُھلیو

ڈاکٹر فاروق انوار مرزا اپنے اس شعر میں ایک بہت بڑی بات کہتے ہیں ۔

تگّی انوارؔ تپلے جوڑنے نا شوق ہے ایویں
پھری جے سوہڑیاں کی واہ کدوں فر آہلنا رہسی

آخر پر محمد عظیم خان کا ایک شعر پیش ہے جس میں وہ کہتے ہیں کہ پہاڑی قوم اس لئے پچھڑی رہ گئی کیونکہ وہ ہر ایک کے سامنے جی حضور کرکے جُھکتی نہیں ہے ۔

بچھڑ گیا ہیں تو تیرا قصور پہاڑیا
کہ تُدھ کدے کیتا نہ جی حضور پہاڑیا

قصّہ مختصر یہ کہ پہاڑی غزل کے علاوہ اس زبان میں دوسری اصناف بڑی تیزی سے ارتقاء کی منازل طے کررہی ہیں اور اُمیّد ہے کہ قلیل عرصہ میں پہاڑی زبان و ادب ایک لمبی مسافت طے کرکے جلدی ایک تاریخ رقم کرے گی۔

☆☆☆

اصل: فارسی
اردو: مفتی شفیق الرحمٰن

تاریخ کشمیر......(قسط:8)

از

ملک حیدر چاڈورہ

ملک نصر چند نے اگر چہ اس میدان کارزار میں زبردست بہادری کا مظاہرہ کیا مگر وہ تقدیر کے تیر سے اپنی جان نہ بچا سکا اور اس جنگ میں میدانِ آخرت میں جا پہنچا اور خدائی توفیق اور آسمانی مدد سے ملک کاجی چک کی قسمت کی گرہ کُھل گئی۔ موسمِ سرما گذرنے کے بعد برجِ حمل کے آغاز میں سلطان محمد شاہ نوشہرہ سے کشمیر آیا اور ۹۲۵ھ میں سلطان فتح شاہ اور ملک سرتک چند نے کوہستانِ ہند میں موت کا کڑوا گھونٹ پیا اور ۹۲۶ھ میں ملک کاجی چک نے اپنے بیٹے مسعود چک کو جہانگیر پڈر کا مقابلہ کرنے کے لئے پانپور بھیجا وہ مقابلہ کرنے کی تاب نہیں لاسکا اور بھاگ گیا۔ مسعود چک نے اس کے مال و اسباب کو لوٹ لیا اور ۹۲۷ھ میں عیدی ملک چاڈورہ لوہر ماگرے اور سکندر خان ابن فتح شاہ نے زبردست فوج کے ہمراہ کشمیر کا رُخ کیا اور ناگام کے قلعے میں جنگ کرنے کے لئے تیار ہوگئے۔ جہانگیر پڈر اور کدائی ملک جو بھاگ کر ریاست داروہ کی طرف چلے گئے تھے اُنہوں نے بھی یہ خبر سُن کر کشمیر کا رُخ کیا

جب وہ لار پرگنہ میں پہنچے تو ملک کاجی چک کو ان کے ساتھ جنگ کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں دکھائی دیا اوران کے درمیان سخت جنگ ہوئی اور کدائی ملک دولت خان کے ہاتھوں مارا گیا اور مسعود چک کا جہانگیر پڈر کے ساتھ مقابلہ ہوا اورایک تیر مسعود چک کی آنکھ میں لگا اور وہ گھوڑے سے نیچے گر پڑا اور فوت ہوگیا اور ملک حسین چک جو چندوں کی نسل سے تھا جب وہ تازی ملک کی قید میں تھا تو مسعود چک کے قتل کئے جانے کی خبر سُن کر تازی ملک نے اس کو جلد ہی قتل کرڈالا۔اور سکندر خان کاجی ملک سے امان مانگ کر دوبارہ کوہستانِ ہند کی طرف بھاگ گیا اور ملک کاجی چک کی کامیابی کی صورت جلوہ گر ہوگئی۔ ۹۳۵ھ میں جب ملک کاجی چک کو پورا کنٹرول حاصل ہوگیا تھا تو سلطان محمد ملک نے بعض سرداروں مثلاً ملک علی چند اور لوہر ماگرے کو اپنے ساتھ ملا کر کاجی ملک کی حکومت کو گرانے اور جڑ سے اُکھاڑ پھینکنے کی کوشش شروع کردی۔ جب ملک کاجی کو معلوم ہوا کہ اکثر سرداراس کے ساتھ جنگ کرنے کے لئے تیار ہوگئے ہیں تو مجبوراً اُس نے شکست تسلیم کرلی اور ہندوستان کی طرف سفر کانے کا ارادہ کرلیا،ابھی وہ نوشہرہ نہیں پہنچا تھا کہ شیخ علی بیگ ترک ترکوں کے لشکر سمیت اس کے ساتھ جنگ کرنے کے لئے آدوڑا۔ملک کاجی چک نے اپنے دو بیٹوں غازی خان احسن اوراپنے بیس سالہ چھوٹے بیٹے حسین خان کو چھوٹی سی جماعت کے ساتھ شیخ علی بیگ ترک کی فوج کے خلاف دوڑادیا۔حسین خان خودعلی بیگ ترک کے خیمے میں داخل ہوا اوراس پر تلوار کے تین وار کئے پہلی باراس نے تکیے کو ڈھال بنایا جو پورا کٹ گیا پھر دسترخوان کو ڈھال بنایا وہ بھی کٹ گیا اور تیسرے وار کے وقت وہ چار پائی کے نیچے گھس گیا اور

چونکہ اس سے اس کی بزدلی ظاہر ہوتی تھی لہٰذا حسین خان نے اس کو قتل کرنے سے اپنا ہاتھ کھینچ لیا۔ اس شش وپنج میں نو تیر حسین خان کے بدن میں پیوست ہو چکے تھے۔ اس قسم کی بُزدلی دیکھ کر ترک شکست کھا گئے۔ ان میں سے اکثر مارے گئے۔ ملک کا جی چک آٹھ ماہ تک کوہستانِ ہند میں ٹھہرا رہا اور اس کے بعد اس نے سلطان محمد شاہ کے ساتھ خط و مراسلت شروع کر کے پرانے اتحاد و یکجہتی کی تجدید کی اور دشمنی اور کینہ کی بساط کو لپیٹ کر اُس کی ملازمت اختیار کر لی۔ ملک عیدی چند قبیلۂ ماگرے کے لوگوں کی مدد سے سابقہ عداوت و دشمنی کی بناء پر کچھامہ میں جنگ کرنے کے لئے اُٹھ کھڑا ہوا۔ اُس کی بغاوت کو دبانے کے لئے سلطان محمد شاہ اور کاجی چک نے اس پر چڑھائی کر دی۔ اس جنگ میں ماگرے قبیلہ کے لوگوں کو شکست ہوئی اور علی ملک گرفتار ہو گیا۔ ایک مدّت کے بعد علی ملک نے آسانی مدد سے کاجی چک کی قید سے رہائی پائی اور کوہستانِ ہند کی طرف بھاگ گیا۔ قضاء سے اُس دوران ملک کاجی چک نے سلطان محمّد کو معزول کر کے چند سرداروں سمیت کوہستان میں واقع درلد نامی مقام پر قید کر دیا اور اُس کے بیٹے ادہم خان کو تختِ سلطنت پر بٹھا دیا۔ علی چک جو کاجی چک کی قید سے بھاگا تھا وہ ریگی چک اور ماگرے قبیلہ کے ایک گروہ کو ساتھ لے کر بابر بادشاہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ بابر بادشاہ نے قسم قسم کے شاہانہ الطاف سے اُسے نوازا اور شیخ علی بیگ کو بیس ہزار سواروں کی فوج کے ساتھ اس کی مدد کرنے کے لئے مقرّر کیا اور ۹۳۵ھ میں علی ملک اور ریگی چک نے ترک لشکر کے ساتھ ملک کاجی چک کا خاتمہ کرنے کے ارادے سے غلبے کا جھنڈا لہرایا اور ہانکل پرگنہ میں دونوں فوجوں کا آمنا

سامنا ہوا۔ ایک ترک جو بہادری اور دلیری میں بے مثال تھا اور کئی بار اس سے کارہائے نمایاں ظاہر ہو چکے تھے صفیں درست کرتے وقت اس کا سامنا کاجی ملک چک سے ہوا۔ پہلے ہی وار میں ملک کاجی چک نے اس کو زمین پر ڈھیر کر دیا۔ اگرچہ اس میں کاجی چک کی فوج نے بھرپور بہادری کا مظاہرہ کیا مگر نتیجہ یوں رہا کہ ملک کاجی چک شکست کھا گیا اور اس کے اکثر بھائی اور دوست مثلاً ملک تاج الدین چک اور ملک مسیحی ملک فنا کا گھونٹ پی گئے اور ملک دولت چک اور اس کا بیٹا غازی خان اور ان جیسے بہت سے لوگ گرفتار ہو گئے اور جب قبیلہ ماگرے کے لوگوں نے فتح ونصرت کا جھنڈا بلند کر دیا تو کشمیر میں چار آدمی آزادی کے ساتھ بادشاہت کا دم مارنے لگے (۱) ملک علی چاڈورہ (۲) ملک ابدال ماگرے (۳) اس کا بھائی لوہر ماگرے (۴) ریکی ملک چک ۔ اُنہوں نے شیخ علی بیگ کو واپس جانے کی اجازت دے دی اور ۹۳۷ھ میں جب ملکِ کشمیر کسی حقیقی حکمران سے خالی ہو گیا تو میرزا کامران چغتائی نے طمع کے دانت تیز کر کے محرم بیگ اور شیخ علی بیگ کو فوج دے کر کشمیر بھیجنے کا انتظام کیا اور اس نے اس بات کا تاکیدی حکم دیا کہ فوج کے کشمیر پہنچنے تک کسی کو اس کی خبر نہ ہونے پائے۔ چنانچہ میرزا محرم بیگ نے اس طرح فتح کی تاریخ لکھ کر میرزا کامران کی خدمت میں بھیج دی:

چو کردم فتح نیم او بتاریخ　　خرد گفتا کہ فتحِ نیم فردوس

جب میں نے اس کے آدھے کو فتح کر لیا تو عقل نے کہا کہ اس کی تاریخ آدھی فردوس کو فتح کرنا ہے (یعنی اس کی تاریخِ فتح ۹۳۸ھ ہے)۔

کشمیری زعماء نے چیرہ اوڈر قلعہ میں اجلاس کیا اور ملک کاجی چک کو جو کہ کشمیر

سے باہر تھا واپس بلا لیا اور اتھواجن کے مقام پر جنگ کرنے کے لئے جمع ہو گئے۔محرم بیگ نے اپنے لشکر سمیت وہاں کا رُخ کیا۔ بڑی کوشش و خونریزی کے بعد اس کو شکست ہوئی اور اس نے واپس چلے جانے کا ارادہ کرلیا۔جیسا کہ ذکر کیا جا چُکا ہے کہ ۹۳۹ھ میں کشمیر میں کوئی بھی حکمران نہیں تھا اور گردونواح کے بادشاہ کشمیر کی طرف طمع و لالچ کی گردنیں دراز کئے ہوئے تھے۔اسی بناء پر سعید خان کاشغری نے خود تبّت میں ڈیرہ ڈالا اور اپنے لڑکے سکندر خان کو چار ہزار سواروں کے لشکرِ جرّار کے سمیت میرزا حیدر کی کمانڈ میں کشمیر کی طرف روانہ کیا۔میرزا حیدر کا تذکرہ آگے آئے گا۔مشہور ہے کہ اس لشکر کے ساتھ سواری کے گھوڑوں کے علاوہ ستائیس ہزار گھوڑے اور بھی تھے اور یہ لشکر بُرجِ میزان کے شروع میں لار کے راستے سے کشمیر پہنچا اور شہر کے تمام باشندے کاشغریوں کے رعب و دبدبے کی وجہ سے گھر بار چھوڑ کر پہاڑوں کی چوٹیوں اور جزیروں کی طرف بھاگ گئے اور اکثر دیہاتی کاشغریوں کے ہاتھوں گرفتار ہو گئے اور ترک فوجیوں کی بے دریغ تلوار سے مخلوق و رعایا کی زندگیوں کے چراغ گُل ہو گئے اور وہ کاشغری پورے موسمِ سرما کے دوران لوٹ مار میں مشغول رہے اور جب موسمِ سرما نے رخصت ہونے کے لئے بوریا بستر باندھ لیا تو برجِ حمل کے شروع میں کشمیری فوج کے تمام زعماء نے آپس میں اتفاق کر کے نہایت ہی تیزی سے اقدام کیا۔

دو لشکر ہمہ اژدہا و نہنگ بہم برکشادند بازو بجنگ

ترجمہ: اژدھوں اور مگرمچھوں جیسے دو لشکروں نے آپس میں جنگ کرنے کے لئے آستین اوپر چڑھائے۔

سب سے پہلے جس شخص نے جنگ کرنے کے لئے آستین چڑھائے وہ چندوں کی نسل سے تعلق رکھنے والا علی ملک چاڈورہ تھا۔جس نے اپنے رشتہ داروں پر مشتمل پانچ سوسواروں کے ساتھ شرف میرزا کاشغری کے ساتھ مقابلہ کیا اوراس کو مغلوب کر دیا اور شرف میرزا کا گھوڑا اس معرکہ میں مارا گیا اور جب کاشغریوں نے علی ملک کی طرف سے غلبہ دیکھا تو دائیں طرف سے دائم علی بیگ ایک ہزار سواروں کے ساتھ اور بائیں طرف سے میرزا حیدر دو ہزار سواروں کے ساتھ حرکت میں آ گئے اور علی ملک کا پوتا ملک حسین اور اس کا بھتیجا ملک محمد ناجی کہ جن کی عمر اس وقت چودہ سال تھی اُنہوں نے اتنی کوشش کی کہ عقل حیران رہ جاتی ہے اور شیخ علی کاشغری نے بھی اس معرکے میں بہادری اور مردانگی کی داد دی۔مگر تقدیر نے دونوں پہلوان جوانوں ملک حسین اور شیخ علی کا پنجہ مروڑ دیا اور سولہ سو کشمیری بہادر موت کا جام پی گئے اور باقی ماندہ بھاگ گئے۔میرزا حیدر نے سعید خان کے پاس جو تبّت میں تھا فتح نامہ ارسال کیا اور سعید خان کے ایک درباری شاعر نے فتح نامہ کے جواب میں یہ چند اشعار لکھ کر کشمیر بھیجے۔

الحمد ِ للہ کان شاہِ عادل سلطان سکندر خاقانِ دوران

برکسرِ اعداء در روزِ ہیجا قادر شد آندم از لطفِ یزداں

تاریخِ فتحش الحق کہ اینست روزِ چہارم از ماہِ شعبان

ترجمہ: الحمد ِ للہ کہ وہ عادل بادشاہ جو سلطان سکندر اور زمانے کا خاقان ہے اُس جنگ کے روز اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے دشمن کو توڑ ڈالنے پر قادر ہو گیا۔اس کی فتح کی تاریخ واقعی یہ ہے۔یعنی ماہ شعبان کا چوتھا دن۔

کشمیری زعماء نے دوبارہ مَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ

ترجمہ: جو اللہ پر بھروسہ کرے گا تو وہ اس کے لئے کافی ہوگا۔

کے دامن کو پکڑتے ہوئے خون آشام تلواریں نیاموں سے باہر کھینچ لیں اور نوشیروان کے اس حکمت بھرے کلام پر عمل کیا کہ دشمن کے ساتھ جنگ کرنے کی حالت میں اپنے لشکر کی کمی کی وجہ سے ڈرنا نہیں چاہیے کیونکہ بہت بڑے ڈھیر کو تھوڑی سی آگ کے ذریعے جلایا جاسکتا ہے۔ آخر کار بہادروں نے جوانمردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کی فوج پر حملہ کردیا اور ان کو موت کی گھاٹ اُتارنے لگ گئے اور اس انقلاب کے آغاز میں ہی سکندر خان نے کاشغری لشکر کیلئے امان مانگ کر اس کو اس ملک سے باہر نکال لیا۔ دیہاتی لوگ اگر چہ حسبِ عادت کھیتی باڑی کرنے میں مشغول ہو گئے تھے مگر چونکہ کھیتی باڑی کرنے کا وقت نکل گیا تھا لہٰذا انہیں کوئی فائدہ نہیں ہوا اور ایسا قحط ہوا کہ اُس جیسا قحط اس سے پہلے یہاں کسی نے نہیں دیکھا سنا تھا اور لوگوں کی ایک بڑی تعداد بھوک کی وجہ سے ہلاک ہوگئی اور کچھ دنوں کے لئے کشمیری اُمراء آپسی دشمنی اور مخالفت کو چھوڑ کر اتحاد و اتفاق کی روش اختیار کئے رہے اور ۹۴۴ھ میں ملک کاجی چک نے اپنے ساتھ کچھ امراء کو ملا کر ماگرے قبیلے والوں کے خلاف جنگ و جدال کا راستہ اختیار کیا اور چونکہ ملک ریگی چک جموں کے راجہ کی بیٹی کا رشتہ مانگنے کے لئے جموں گیا ہوا تھا اور دوسرا کوئی بھی مدبّر شخص ملک کاجی چک کے ساتھ نہیں تھا۔ لہٰذا اس کا لشکر مجبوراً شکست کھا گیا اور کوہستانِ ہند کی طرف بھاگ گیا اور ملک ریگی چک کے جموں سے واپس آنے کے بعد موسمِ سرما ختم ہونے کے بعد موسمِ بہار کے شروع میں اس کی حمایت

واتفاق سے ملک کاجی چک کوہستانِ ہند سے واپس آ گیا اور اس نے کیسونامی گاؤں میں پڑاؤ ڈالا اور کشمیری سردار دولت خان چک، ملک زینو چک، ملک نوروز چک، سید ابراہیم، ملک محمد چک اور ملک محمد ناجی وغیرہ ملک کاجی چک کے جھنڈے تلے جمع ہو گئے اور اس نے ماگرے قبیلے کے لوگوں کو ختم کرنے کے لئے قدم اُٹھایا اور ملک محمد ناجی جس کی بہادری اور طاقت پر اس کو پورا پورا اعتماد تھا اس کو مقدّمۃ الجیش (ہراول دستے) کی ذمہ داری سونپ دی اور ملک محمد ناجی نے ملک کاجی چک کے پہنچنے سے پہلے ہی جنگ کا آغاز کر دیا اور چونکہ سعادت وخوش نصیبی مقدر سے ہوتی ہے ۔

سعادت بخشائشِ داوراست نہ در جنگِ بازوئے زورآور آست

ترجمہ: سعادت وخوش نصیبی اللہ تعالیٰ کی عطا سے ہوتی ہے نہ کہ طاقتور بازو کے ساتھ جنگ کرنے سے۔

لہٰذا فوج کے کم ہونے کے باوجود اُس نے کامیابی حاصل کر لی۔ چنانچہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

كَمْ مِنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَ ةً بِاَذْنِ اللّٰهِ

ترجمہ: کتنی ہی چھوٹی جماعتیں اللہ کے حکم سے بڑی جماعت پر غالب آ گئیں۔

اور تین سال تک ملک کاجی چک پوری خودمختاری کے ساتھ ریاست کشمیر پر حکومت کرتا رہا اور اس نے اپنے دبدبے اور خوش نصیبی کے جھنڈے لہرائے۔ اگر چہ سلطان زین العابدین کے پوتوں میں سے سلطان اسماعیل یہاں کا نام نہاد بادشاہ تھا مگر سِکّے پر اس کے نام اور خطبے میں اس کے نام کے علاوہ وہ اور کسی چیز کا مالک نہیں تھا۔ یہ

نیک نیّت بادشاہ دنگا فساد کرنے والے لوگوں کو چند روز قید خانے میں بند کر کے ضروری سزا دیتا اور کسی کے قتل کئے جانے پر کبھی بھی راضی نہیں ہوتا تھا۔ اُس کی اولاد میں سے جو چند لوگ حکمرانی کے باعزّت مقام تک پہنچے یہ سب اُسی کا احسان تھا۔ اس کے عمدہ اخلاق اور حسنِ سلوک کے بارے میں عجیب وغریب قصّے نقل کئے گئے ہیں مگر چونکہ اس مختصر کتاب میں تفصیل کی گنجائش نہیں لہٰذا اتنے پر ہی اکتفاء کی گئی۔

ان دنوں شاہِ عالی جاہ ہمایوں بادشاہ گردشِ ایّام کے تقاضے سے شیر افغان سے حکومت چھین کر ہندوستان کی حکومت کے مسند پر بیٹھ گیا اور ۹۴۹ھ میں میرزا حیدر کاشغری کو ''جو کہ ہندوستان میں ہمایوں کا ملازم تھا اور ہمایوں کی نوکری اور اس کی ہم نشینی سے محروم ہو گیا تھا''۔ ملک ابدال چک اور ملک ریگی چک کشمیر لے آئے۔ ملک کا جی چک نے یہ خبر سُن کر ہیرہ پورہ کے راستے سے ہندوستان کا رُخ کیا اور شیر خان سے کمک طلب کی۔ شیر خان اس کے ساتھ تعظیم وتکریم سے پیش آیا اور اس کو کمک فراہم کی اور جب سورج موسمِ بہار کے نقطۂ اعتدال کے سیدھ میں تھا تو ملک کا جی چک ہیرہ پورہ کے راستہ سے کشمیر میں داخل ہوا۔ میرزا حیدر نے اپنے اہل وعیال کو اندرکوٹ کے قلعے میں چھوڑا اور ملک ریگی چک، عیدی ملک (جو کہ چندوں کی نسل سے ہیں) اور حسین ملک ماگرے کی حمایت واتفاق سے جنگ میں پہل کرتے ہوئے وتہ نار کے میدان میں ڈیرا ڈال دیا اور جنگ کرنے کی غرض سے صف بندی کر لی، ملک کا جی ملک نے میمنہ (دائیں طرف کی فوج) کی ذمّہ داری ملک غازی خان اور ملک دولت کو اور میسرہ (بائیں طرف کے لشکر) کی ذمّہ داری ملک محمّد ناجی اور نوروز چک کو سونپ دی۔

جب کہ ہراول دستے کا سربراہ میر سیّد ابراہیم کو مقرّر کر دیا۔ جب دونوں طرف سے صف بندی ہوگئی تو سب سے پہلے جس شخص نے بہادری و مردانگی کے ساتھ میدان میں پاؤں رکھا وہ ملک محمد ناجی تھا۔ چنانچہ اس نے سب سے پہلا تیر میرزا حیدر کے گھوڑے کے پاؤں پر مارا جو گھوڑے کو چیر کر پار ہوگیا۔ میرزا حیدر نے اس تیر کو محفوظ رکھا اور صلح ہوجانے کے بعد جب اس نے وہ تیر ملک محمّد ناجی کو دکھایا تو اس نے کہا کہ اگر تمہارا حقِ نمک بیچ میں نہ ہوتا تو ہم گھوڑے پر یہ تیر نہ چلاتے۔ کاجی چک کے لشکر نے پوری جدّ و جہد اور نا قابلِ انکار سعی و کوشش کی مگر پھر بھی اس کو شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ کیونکہ تقدیر کے سامنے جنگ نہیں کی جاسکتی اور ملک کاجی چک ہندوستان کی طرف جارہا تھا کہ گردشِ زمانہ کے طوفان کی وجہ سے اس نے اس دنیا کے گھر سے آخرت کی منزل کی طرف رختِ سفر باندھا اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

جب سارا ملک خالی ہوگیا اور میرزا حیدر کا کوئی شریک نہیں رہا تو اس نے کشمیر کے گرد و نواح، تبّت، پکھلی، دانگل اور دوسرے علاقوں پر قبضہ کر لیا اور سپہ سالار کا عہدہ عیدی ملک کو سونپ دیا۔ اس نے لوگوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے اور دینِ حق کو رائج کرنے اور علماء کی عزّت و تکریم کرنے میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں کی مگر جب اس کے اقبال و نیک بختی کا ستارہ بلندی پر پہنچ گیا تو اس نے اہلِ کشمیر کے ساتھ جو عہد و پیمان کئے تھے ان کو توڑ کر مذہبی تعصّب کا راستہ اختیار کیا جو ہر ادنیٰ و اعلیٰ کے نزدیک برا ہے اور عالیشان بادشاہوں کے نزدیک تو اور بھی زیادہ برا ہے اور بہت سے بادشاہوں کے زوال کا سبب بنا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سارے اُمراء اور باعزّت لوگ اس سے متنفّر

ہو کر اس کی حکومت کی بنیادوں کو اُکھاڑ پھینکنے کی فکر میں لگ گئے جس کا بیان مختصراً اس طرح ہے کہ جب میرزا حیدر کو کاشغر کے لوگوں کے یکجا ہونے اور ان کی تعداد کے زیادہ ہونے کا علم ہوا تو غرّور و تکبّر کی ہوا اس کے دماغ کے محل تک پہنچ گئی اور اس نے سب سے پہلے ایک اہم سردار ملک ریکی چک کو نشانہ بنانے کا ارادہ کیا مگر وہ ہندوستان کی طرف بھاگ گیا۔ میرزا حیدر نے شیخ دانیال ولد شیخ شمس الدین محمّد عراقی کو جو اس کے ڈر سے تبّت چلا گیا تھا وعدے کر کے اور قسمیں کھا کھا کر وہاں سے واپس بلایا اور اس کو قتل کر کے جلا ڈالا۔ شنکل ریشی کو جو کہ شیخِ مذکورہ کا مرید تھا صوفی داد سمیت ٹکرے ٹکرے کر کے جلا ڈالا اور قاضی میر علی کو جلا وطن کر دیا اور ملاّ حاجی خطیب کو جو کہ اہلِ سنّت والجماعت میں سے تھا شیعہ ہونے کے الزام میں قتل کر ڈالا۔ اس نے بابا علی کو قتل کرنے کے ارادہ سے طلب کیا۔ چونکہ بابا علی کی عمر اس وقت سو سال سے زیادہ ہو چکی تھی اور وہ لوگ جو بابا علی کے مرید تھے وہ اس کے لئے رکاوٹ بن گئے۔ نزدیک تھا کہ بابا علی زمین پر ڈھیر ہو جائے ملک محمد ناجی کی غیرت کی رنگ پھڑک اُٹھی اور وہ میرزا حیدر کے پہلو سے اُٹھ کر آگے آ گیا اور علی بابا کا ہاتھ پکڑ لیا اور جب میرزا حیدر کو لگا کہ اہانت کرنے سے بابا علی کی مقبولیت بڑھ جائے گی اور اُس کی بادشاہت میں خلل واقع ہو جائے گا لہٰذا اس نے اس کو چھوڑ دیا۔ چونکہ کاشغری لوگوں کی دست درازی اور ظلم سے رعایا اور مخلوق کی جانوں پر آ بنی تھی لہٰذا ۹۵۸ھ میں عیدی ملک اور ملک محمّد ناجی نے اس کے خلاف بغاوت کر دی اور آون پورہ گاؤں کے مضبوط قلعے میں جا بیٹھے اور میرزا حیدر کی تخریب کاری کو روکنے میں مشغول ہو گئے۔ میرزا حیدر نے جن فوجوں کو

دیگر ممالک کو فتح کرنے کے لئے بھیجا تھا ان میں شامل کشمیری فوجیوں نے ان دو سرداروں کے اشارے سے کوتاہی کا مظاہرہ کیا اور اکثر کاشغری فوجی شکست پر شکست کھا کر مارے گئے اور میرزا حیدر نے اپنے بھتیجے قرا بہادر کو کوہستانِ ہند پر کنٹرول حاصل کرنے کے لئے بھیجا تھا اور ملک شمس الدین ولد عیدی ملک اس کے ہمراہ تھا اس نے ملک شمس الدین کی دھوکہ دہی سے شکست کھائی اور اس نے اپنے امراء میں سے ملاّ قاسم اور ملاّ باقی کو ممالک تبّت پر کنٹرول حاصل کرنے کے لئے بھیجا تھا ان میں سے ملاّ قاسم مارا گیا اور ملاّ باقی نے فرار کا راستہ اختیار کیا۔ ایک اہم سردار ملاّ عبداللہ جو شہنگ گیا تھا اور شکست کھا کر کشمیر واپس آ گیا تھا وہ بارہمولہ کے مقام پر مارا گیا اور میرزا حیدر کا دودھ شریک بھائی جو مشہور بہادروں میں سے تھا جس کو اس نے کشتواڑ پر کنٹرول حاصل کرنے کے لئے بھیجا تھا وہ بھی مارا گیا اور اس کے ساتھیوں میں سے ڈیڑھ ہزار لوگ مارے گئے۔ اس کے باوجود میرزا حیدر اُمراءِ کشمیر کے باہمی اتفاق اور اپنے بخت کے کمزور پڑ جانے کو نہ بھانپ سکا اور اس نے عیدی ملک اور ملک محمّد ناجی سے انتقام لینے کے لئے آون پورہ گاؤں کی طرف پیش قدمی کی اور بغاوت کی اس آگ کو بجھانے کے لئے شب خون مارنے کا ارادہ کیا۔

دیدی آں قہقہہ کبک خراماں حافظ　　　　کہ سر پنجۂ شاہینِ قضا غافل بود

ترجمہ: اے حافظ کیا تو نے اس خوشی میں ڈوبے ہوئے تیتر کا قہقہہ لگانا دیکھا ہے جو تقدیر کے شاہین کے پنجے سے غافل ہوتا ہے۔

میرزا حیدر اس مقصد کو پورا کرنے کے ارادے سے اہلِ قلعہ کے احوال کا پتہ

لگانے کے لئے ایک رات خود سوار ہو کر چل پڑا اور قلعے کے دروازے سے اندر گیا۔ تقدیر سے ایک قصائی ایک گائے کو صاف کر رہا تھا اور جب اس نے دیکھا کہ کوئی سوار شخص باہر سے اندر گیا ہے تو اس نے سوچا کہ یہ میرزا حیدر کے لشکر کا جاسوس ہے۔

چنانچہ اس نے اس سے پوچھا کہ تم کون ہو اور کہاں سے آئے ہو؟ چونکہ میرزا حیدر نے کشمیری زبان اچھی طرح سے نہیں سیکھی تھی لہٰذا اس نے اسی زبان میں جواب دیا جو نہ فارسی تھی نہ ہی کشمیری۔ قصائی نے اسی کلہاڑی سے جس سے وہ گائے کو صاف کر رہا تھا میرزا کے سر پر وار کر دیا اور اس کو فناء کی منزل وادیٔ خموشاں کی طرف روانہ کر دیا اور ۹۵۹ھ میں اس نے تخت سے قبر میں قدم رکھا۔ اہلِ کشمیر اگرچہ کسی طرح سے بھی میرزا حیدر سے خوش نہیں تھے لیکن اُنہوں نے قرا بہادر میرزا کو اس کے فرزندوں سمیت پورے احترام کے ساتھ ان کے تمام مال و اسباب کے سمیت ان کے وطن کی طرف روانہ کر دیا اور ان کے ساتھ کسی قسم کا ٹکراؤ نہیں کیا۔

بدی را بدی سہل باشد جزاء اگر مردی اَحۡسِنۡ اِلٰی مَنۡ اَسَاءَ

ترجمہ: برائی کا بدلہ برائی سے دینا آسان ہے۔ اگر تو مرد ہے تو اس شخص کے ساتھ اچھائی کر جس نے تیرے ساتھ بُرائی کی ہو۔

اسی سال عیدی ملک، ملک محمّد ناجی کے چچا نے جہاں کو فتح کرنے والی تلوار اُٹھا کر تھوڑی ہی مدّت میں اس ریاست کو ملک و دین کے دشمنوں سے خالی کرا لیا اور اس کے اقبال و سعادت مندی کا چمکتا ہوا سورج دن بدن عزّت و سروری کے زینوں پر چڑھ رہا تھا۔ غازی خان اور حسین خان پسرانِ ملک کاجی چک جو زبردست مفلس اور

بدحالی کے شکار تھے اور مدتوں سے عیدی ملک کا کینہ اپنے سینوں میں چھپائے ہوئے تھے اور ہر وقت اس کے فناء ہو جانے کی بات اپنے دل اور ضمیر کے صفحے پر لکھتے رہتے تھے۔عیدی ملک نے ان کی تربیت کر کے ان کو امارت کے منصب پر پہنچا کر ان پر نوازش کی اور اپنے بھتیجے ملک محمّد ناجی کو اعتبار کے درجے سے نیچے گرا دیا اور وقت گزرنے کے ساتھ غازی خان اور اس کے بھائی حسین خان نے اقتدار اور خودمختاری حاصل کر کے ملک عیدی کے احسانات کو بالائے طاق رکھ کر کُھلم کُھلا نافرمانی کا اعلان کیا اور ملک محمّد ناجی کو اپنے ساتھ ملا کر شمس الدین خان کے بیٹے حبیب خان کو جو غازی خان اور حسین خان کا خالہ زاد بھائی تھا تختِ حکومت پر بٹھا کر عیدی ملک کو معزول کرنے پر اتفاق کیا اور اُنہوں نے اپنی چچیری بہن کو جو کہ حسن ملک پر عاشق تھی ناجی ملک کے نکاح میں دے دیا اور عیدی ملک کے خلاف جنگ وجدل کے دروازے کھول دیئے اور اُنہوں عہد و پیمان کی تجدید کرنے کے لئے خانقاہِ امیریہ میں ایک میٹنگ رکھی تھی، ملک محمّد ناجی کا حقیقی بھائی جو اس معاملے میں اپنے بھائی کے خلاف تھا اُس کو اس میٹنگ کا پتہ چل گیا اُس نے دریائے جہلم کے اُس پار سے خانقاہ کی حرمت کو نظر انداز کرتے ہوئے بڑے خواجہ کے بالا خانے سے ایک بڑا توپ اس جماعت کا اندازہ کر کے چلا دیا اور وہ توپ خانقاہ کے ستون کو توڑ کر دیوار کے پتھر پر جا لگا۔

چنانچہ توپ کے ٹوپ کا نشان ابھی بھی وہاں پر دکھائی دیتا ہے اور اس بُرے کام کی شامت سے ایک تفنگ نیکروز ملک کو لگا اور وہ نیچے گر پڑا۔اگرچہ عیدی ملک کی فوج بہت تھی مگر ملک محمّد ناجی اس سے علیٰحدہ ہو جانے کی وجہ سے وہ مقابلہ کرنے کی

تاب نہ لا سکا اور مجبوراً شکست کھا کر بھاگ گیا۔ میں نے سُنا ہے کہ وہ اس وقت یہ شعر پڑھ رہا تھا:

اگر دوست از خود نیازردے   کے از دستِ دشمن جفا بردے

ترجمہ: اگر میں نے خود دوست کو نہ ستایا ہوتا تو پھر مجھے دشمن کے ہاتھ سے کب ظلم سہنا پڑتا۔

عیدی ملک نے ہندوستان جانے کے ارادے سے فرار کا راستہ اختیار کیا اور جب وہ راولپورہ پہنچا تو انگور کی شاخ میں اس کی گردن پھنس گئی اور گھوڑے سے نیچے گر پڑا وہ چاہتا تھا کہ دوبارہ گھوڑے پر سوار ہو جائے مگر گھوڑے نے اس کو لات ماردی اور اس نے اپنی جان جان کو پیدا کرنے والے خدا کے حوالے کردی اور اس کو لکڑی کے ایک گھوڑے پر سوار کر کے اپنے باپ کے پہلو میں دفن کر دیا گیا۔ اس کا دورِ حکومت ایک سال تک رہا۔ فقیر حیدر ملک چغتائی کے اسلاف یعنی چندوں کے ملکِ کشمیر پر غلبے کی مدّت سینتالیس سال ہے۔ ان میں سے جو حکمران بنے ان کی تعداد چھ ہے اور ان کی ترتیب اس طرح ہے:

پرتھی چند کا دورِ حکومت دو سال۔

لکچند کا دورِ حکومت ایک سال۔

ملچند کا دورِ حکومت گیارہ سال۔

بلاد چند کا دورِ حکومت تئیس سال۔

ملک موسیٰ بت شکن نو سال۔

اور عیدی ملک ایک سال۔

۹۶۰ھ میں چکوں کی جماعت نے غلبے کا جھنڈا لہرایا۔ اگرچہ حبیب خان کے پاس برائے نام بادشاہت تھی مگر ملک فتح کرنے اور کسی کو کسی عہدے پر فائز کرنے یا ہٹانے کا اختیار ملک دولت چک کے ہاتھ میں تھا اور اس دور میں قیامت کے زلزلے کو یاد دلانے والا ایک بڑا زلزلہ آیا جس کی وجہ سے اکثر گھر زمین بوس ہو گئے اور مراز کی طرف کے چند گاؤں زمین میں دھنس گئے۔ یہ زلزلہ ہفتہ بھر دن رات ہوتا رہا۔ وَزُلْــزِلُوْ ازِلْزُ الاً شَدِیْدًا، ہوا۔

ترجمہ: اور انہیں زبردست جنبش دی گئی۔ (سورۃ الاحزاب۔۱۱)

کا مشاہدہ ہوا اور اگر اس زلزلے کی واردات کے بارے میں تفصیل سے لکھا جائے تو لوگ اس کو مبالغہ آرائی سمجھیں گے۔ اسی دوران نیازیوں کی ایک جماعت نے اعظم ہما اور سعید خان کی سرکردگی میں کشمیر پر لشکر کشی کر ڈالی اور کشمیری لشکر نے آگے بڑھ کر ان سب کو کوہستان کی تنگنائی میں موت کے گھاٹ اُتار دیا۔ ان میں سے کوئی بھی زندہ باہر نہ نکل سکا اور جب اقبال اور خوش نصیبی نے ملک دولت چک سے پشت پھیر لی تو جیسا کہ شعر ہے ؎

چو تیرہ شود مرد را روزگار   ہمہ آن کند کش نیاید بکار

ترجمہ: جب انسان کا نصیب سیاہ ہو جاتا ہے تو اس کے سارے ایسے کام ہوتے ہیں جو اس کے لئے مُفید نہیں ہوتے۔

چنانچہ ملک دولت چک سے کچھ ایسے کام سرزد ہو گئے۔ کہ جن کی وجہ سے اپنے اور پرائے سب اس سے ناراض ہو گئے۔ ان میں سے ایک یہ ہے کہ اس نے اپنی

چچی غازی خان کی والدہ سے بڑھاپے کی حالت میں نکاح کیا اور یہ بات اس کے چچیروں کو ناگوار ہوئی اور برا چاہنے والوں نے بھی بہت سی باتوں کو بیچ میں لا کر ان کے درمیان کدورت کی آگ بھڑکائی ؎

بداندیش برخوردہ چوں دست یافت درونِ بزرگان بآزر بتافت

ترجمہ: برا چاہنے والے کے ہاتھ جب موقع آ گیا تو اس نے بزرگوں کے دل میں رنجش کی آگ بھڑکا دی۔

ایک روز ملک دولت باز کا شکار کرنے کے لئے جھیل ڈل میں گیا ہوا تھا اور اُس کی سواری کو حسن آباد میں رکھا گیا تھا۔ غازی خان نے اس موقع کو غنیمت جان کر حملہ کر دیا۔ وہاں پر ہوشیار لوگوں اور نوکروں کی تھوڑی سی جماعت تھی کچھ تو ان میں سے بھاگ گئے اور کچھ مارے گئے۔ جب ملک دولت چک کو اس کی خبر ہوئی تو اُس کی طاقت اور بہادری اُس کے کچھ بھی کام نہ آئی اور اس نے فرار کا راستہ اختیار کیا حالانکہ وہ طاقت، دلیری اور تیراندازی میں بے مثال تھا۔ جیسا کہ مشہور ہے کہ اُس نے ننددی مرگ میں ایک تیر چلایا تھا جو ایک ہزار فٹ دور گیا تھا اور وہاں ایک نشان لگا دیا تھا جو آج تک وہاں موجود ہے۔ وہ اتنا طاقتور تھا کہ اُس نے ایک مکان بنایا تھا جو چالیس گز لمبا تھا، ملک دولت چک نے اس مکان کے اوپر ایک بڑا تیر نصب کیا تھا جو کشمیریوں کے رواج کے مطابق اس مکان کی لمبائی کے بقدر چالیس گز لمبا تھا اور اس کی چوڑائی دو گز تھی اور لکڑی کے اس تیر کو بائیس آدمی اوپر چڑھاتے تھے۔ اچانک رسیاں کٹ کر یہ لکڑی نیچے ملک دولت چک کی طرف گر پڑی اُس نے ایک ہاتھ سے اس لکڑی کو پکڑ لیا اور دوسرا ہاتھ اُس نے زمین پر رکھ

دیا یہاں تک کہ اُس کا ہاتھ گٹے تک مٹی کے اندر چلا گیا اور لوگوں کے اس لکڑی کے تیر کو دوبارہ رسیوں سے باندھنے تک ملک دولت چک نے اُس کو پکڑے رکھا۔

ملک دولت چک (فرار ہونے کے بعد) کمک طلب کرنے کے لئے شیر خان افغان کے پاس پہنچا اور وہ شیر خان کے ساتھ اس طرح گھل مل گیا کہ اُس کے اکثر قریبی لوگ اُس کے ساتھ حسد کرنے لگ گئے۔ ایک روز وہ لوگ شیر خان کے سامنے اُس کی زبردست دلیری اور بہادری کی تعریف کر رہے تھے اسی اثناء میں ان لوگوں نے کہا کہ اس کو ہاتھیوں کی جنگ سے ڈر لگتا ہے اور اس سے ان کا مقصود اس کو فناء کے گھاٹ اُتارنا تھا۔ قضاء سے انہیں چند دنوں میں ملک دولت چک نے جاہلانہ غیرت کی بناء پر ایک ہاتھی کا دم پکڑ کر اس کو راستے پر چلنے سے روک دیا تھا جب ان لوگوں نے یہ بات شیر خان کو سنائی تو پہلے اس نے اس بات کو ناممکن سمجھا مگر بالآخر اس نے ملک دولت چک سے اس بارے میں پوچھ ہی لیا اس نے بھی جہالت کی بناء پر اس سے انکار نہیں کیا اور ایک روز جب کہ تمام خواص و عوام موجود تھے تو اس کے حاسدین ایک ہاتھی کو شیر خان کے پاس لے آئے کہ اُس کا علم الیقین عین الیقین تک پہنچ جائے۔

پلنگانش از زورِ سر پنجہ زیر فرد بردہ چنگال در مغزِ شیر
گرفتے کمر بند زور آزمائے وگر کوہ بودے بکندے ز جائے

ترجمہ: چیتے اس کے پنجے کی طاقت کے سامنے دبے ہوئے تھے۔ اُس نے شیر کے بھیجے میں اپنا کام پنجا گاڑ دیا تھا۔ وہ پہلوان کو کمر بند سے پکڑ لیتا اور اگر پہاڑ بھی ہوتا تو وہ اس کو جگہ سے اکھاڑ پھینکتا۔

☆☆☆

کأشُر حصہٕ

فہرست

نمبر شمار	عنوان	مصنف/ترجمہ کار	صفحہ نمبر
1	اکوہمہِ صدی ہُنٛد کأشُر ڈرامہ	گلشن بدرنؔی	76
2	ظونہٕ ؤزِتھ منہٕ بۄ وترجمہٕ	شہزادہ رفیق	83
3	رشید نازکیؔ، عقیدتی ادبہٕ کِس أنس منٛز	ڈاکٹر شوکت	93
4	''کأشرِس ادبس منٛز دریاون ہُنٛد ذِکر''	شبیر حسّین شبیؔر	102
5	خالؔہٕ صأب چھان بحثیت صوٗفی بُزرگ	بشیر اجسی	111
6	واتھورفوک تھیٹرک مالٕین	غلام نبی عاجؔز	115

☆

گلشن بدرنی

اکوہمہِ صدی ہُنٛد کأشُر ڈرامہ

کأشرِ نثری ادبٕچ کتھ ییٚلہِ تہٕ ووتھِ یاتُلنہٕ ییہِ ڈرامایٚتہٕ گوڈٕ انوارِ نمایندٕ ادبی صنفہِ رٔنگی بروٚنٛہہ کُن۔ امچہِ نمایندٕ حیثیژ ہنٛز چھےٚ زٕ صوٗرژ اکھ یہ زِ یہ چھےٚ ابتدأیی ادبی صنفو منٛز اکھ دوٚیم یہ زِ یہ چھےٚ سو صِنف یوسہٕ سارِنٕے ادبی کیٛو تمدنی اظہارن ہُنٛد موثر تہٕ مُعتبر وٗسیلہٕ چھےٚ روٗزمٕژ۔ یہِ چھےٚ فنونِ لطیفن ہٕنٛدٕن سارِنٕے رنگن پٔنٕس وٚصیحی کنہٕ اسس پیٚٹھ جاے دِوان۔ ڈرامہ چھےٚ یِی ابتدأیی ادبی، تخلیقی، تمدنی تہٕ اظہأری وٗسیلن ہنٛز میلہٕ گنٛز۔ یتھ کتھِ کرِنہٕ کانٛہہ انکار زِ پرٛتھ فنس چھےٚ پتہٕ کنہِ اکھ مستند روایتھ ڈکھِ آسان تہٕ یمے روأیژہتھ چھُ سُہ فن بروٚنٛہہ کُن پکان، ووتلان، جہارلبان تہٕ بعضے لوسان تہِ۔ ڈراما تہِ چھُ یتھِ وِے فنو منٛز اکھ یُس بیٚون بیٚون دوٗرن منٛز گاہے ژھوکھ تہٕ گاہے وژھجار لٔبتھ بروٚنٛہہ کُن پوٚک۔

اکوہمہِ صٔدی منٛز کیا حیثیت روٗز سأنٛس ڈرامہس تتھ وضاحت کرنہٕ بروٚنٛہہ چھُ امیٚک پسِ منظر زانُن ضروٗری۔ یہِ کینٛژھا اسِہ تام سینہٕ بہ سینہٕ ووتمُت چھُ تمہِ تلہٕ چھُ صاف ظأہر سپدان زِ یونأنی تہٕ رومی ڈرامہن ہنٛز بنیاد یٚمہِ انمانہٕ تہٕ بأعثہٕ پیٚمٕژ چھےٚ بالکُل تِتھے پأٹھی چھُ کأشرِ ڈرامہُک ابتداتہِ مذہبی عقید کہ اکہِ اظہار رٔنگی ظأہر سپدان

۔یونٲنؠ ڈرامازایو مذہبی تہوارو منٛزٕ تہٕ کاشُر ڈراماسپُد کٲشرِ ہنٛز وتھمو جایو پیٛٹھ شرٛوع ییٚتہٕ راز تہٕ ریٚشی پوزا پاٹھ کران ٲسی۔مندرن اندر سپدن وول رقص تہٕ پتہٕ یوٚ ہے رقص پیشہٕ ورانہ رقاصاوٕ ذٔرِ یہِ سپدن چھےٚ اَمِچ ابتدٲیی صوٗرت۔یہِ رقص اوس پٔرتھ مندرس منٛز پوٗزایہِ ہُنٛد اکھ حصہٕ یٚیمہِ باپت پٔرتھ مندرس سٟتؠ وابستہٕ پنٕ پننہِ رقاصہٕ گٔنڈِتھ آسہٕ۔یہِ اوس مذہبی عقیدتُک اظہار یٚیمہِ کنؠ اَتھ پیٛشس تہٕ پیشہ وَرن سٟبٹھے عزت، وقار تہٕ احترام اوس۔اتھ رقصس سٟتؠ گٔے ڈٲلِلہٕ گٔری تہِ وابستہٕ یمن سوٗترٕ وار یا کتھاواچک وَنان چھِہ۔کتھاواچک گوٚ وٕڈٲلِلہٕ گور یا تمثیل وَنن وول۔یمہٕ کتھ چھےٚ سانہٕ مُستند تواریٚخ نویسو پننین توارٟخن منٛز درج کرِہمٕژ۔یتھ منٛز نیل مت پران تہٕ راج ترنگنی تہِ شامل چھےٚ۔یم مختلف بابن منٛز ڈرامہکہِ حوالہٕ کتھ چھِہ درج کران۔کٔہمہِ صٔدی ہُنٛد بوٚڈ ادیب کلہن تہِ چھُہ یمن کتھن ہنٛز گوٲہی دِوان زِ ناٹکن تہٕ رقصن منٛز اوس زنانن ہُنٛد رول زیادے عیاں۔جیاپیڈ سُنٛد وزیرِاعظم دامودر گُپت تہِ چھُہ پننہِ اکِہ طویل نظمہِ منٛز قدیم ہندوستٲنؠ تھیٹرس متعلق کیٛنژہ اہم کتھٕ درج کران۔

اَسہِ گژھِہ یہِ کتھ معلوٗم آسنؠ زِ برٔت مُنی سُنٛد ناٹیہ شاستر چھُہ ناٹک رقص موسیقی تہٕ انسٲنی فطرژن تہٕ جبلژن ہنٛز عکٲسی کران۔ابھنوگُپت چھُہ امیُک سرکردٕ مُفسر۔تیٚمی سُنٛد یہِ تفسیر تہٕ ڈراما حوالہٕ باوتھ عیان چھےٚ کران زِ کٲشرِ منٛز کتھ عروٗج اَس تہٕ ہیٚژ منٛز چھےٚ یہِ صِنف ٲسمٕژ۔تیٚلے ہیوٚک تمو تہِ یہِ مستند دستاویز بروٗنہہ کُن ترٲوِتھ یتھ کٲشرِ ہنٛز بےاَرزتھ ڈکھس چھےٚ۔غرض ابھنوگُپت، کلہن، آنندوردھن تہٕ کالی داس سُنٛد تذکرٕ نہ کرُن باسہِ ہے یتھ مضموٗنس سٟتؠ ناانصٲفی اگر امہِ توٲریٚخی پوٚت منظرٕ حسابہٕ یہِ

پٔنٕز کتھ بروٚنہہ پکہٕ ناوٕ بہٕ دوٚرٕ پننہِ درِدَس موضوٗع نِشہِ۔ لہٰذا کرٕ بہٕ کوٗشش پننس بُنیاٗدی موضوٗعس أندی أندی کتھ کرنٕچ۔

پرٛتھ کانٛہہ فن چُھ زمانہٕ کیٚو نشیب وفراز ومنٛزی گُزران، پٔنٕز وَتھ کڈان تہٕ وقتہٕ وقتہٕ ہیٖت تہِ بدلاوان۔ کأشرِس ڈرامہس رٔٹ ہیٖت کراٗس یہِ تہِ چُھ اکہِ مکمل توأرٟیخی پوٚت منظرُک سُہ باب یتھ نہٕ اثٕر بوٚ رہکو دِتھ۔ تِکیازِ سیأسی ردو بدلُک تہٕ قوٗدرتی آفژن ہُنٛد شکار چُھ پرٛتھ اکھ چیٖز سپدُمُت تہٕ ڈراما رٔتھ ہیٚکہِ ہے امہِ نِشہِ بچِتھ یُس چکارس کھأرِتھ کرُن پیوان چُھ۔ سأنِس ڈرامہس یوٚ دوَے توأرٟیخی پتھ کال شاندار تہٕ جاندار روٗدمُت چُھ مگر اَسہِ چُھنہٕ تور گژھن بلکہِ اکو ہمہِ صٔدی ہُنٛد صورتحال بیان کرُن ممکن چُھ امہِ کِنہٕ وارِہن زأوِی ین کُن پیٚیہِ نہٕ نظر تہِ۔ حالانکہ یہ باونہٕ خأطرٕ تہِ چُھ پوٚت منظرس منٛز موجوٗد مختلف دورن ہِنٛدٕ بن نمایندٕ اوحالن ہُنٛد ذکر کرُن لأزم باسان۔ أسی گژھو نہٕ زیادٕ پتھ البتہٕ آزأدی پرٛاونہٕ پتہٕ یمہٕ کینٛہہ تحریکہٕ ڈراما کہِ حوالہٕ وژٕ تمن کُن سرسری نظر ترٛاوٕنی تہِ چھےٚ ضروٗری۔

1901ء یس منٛز چھےٚ ڈراما حوالہٕ اکھ شعوری تحریک شروع سپدان یتھ دوران کینٛہہ ڈراما کمپنی بیروٗنی کوٗششو سِتی بارسس آیہِ۔ یمن کمپنین سِتی أسی مرد کیٚو زنانہٕ شأمل۔ امہِ زمانٕک ابتدأیی روح رواں اوس وید لال دَریم آغا حشر کشمیری ہِنٛدی ڈراما گِندان أسی تہٕ امہِ پتہٕ گوٚو مزید ڈراما کمپنی ین ہُنٛد اضافہٕ۔ اَتھ تحریکس تل یم ڈراما گِندنہٕ آے تمن منٛز چُھنہٕ نند لال کولن ڈراما ''سچ کہوٹ'' بغأر گُنہِ مُسوٗدُک پےٚ لگان۔ یہِ ڈراما آو 1926ء پتھ 1932ء یس تام وارِیاہن جاین

گِندنہٕ تہٕ یوٚ ہے چھُ سانہِ منظّم ڈراما تحریکہِ ہُنٛد ٔسلابہٕ تہِ گٔنزرنہٕ یِوان۔

1932ء پتہٕ گوٚو ڈراما لیکھنٕگ یا وَنو گِنٛدنُک رُجحان پأدٕ، یتھ منٛز غلام نبی دلسوز، تارا چند بسمل تہٕ نیل کنٹھ ہی ڈراما نگار بروٗنٛہہ کُن آے۔ یمو کأشرِ لولہٕ مثنویہِ موضوٗعن تحت ڈراما تخلیق کٔری۔ 1936ء یَس منٛز لیوٚکھ پروفیسر محی الدین حاجنی ین گرٛیسی سُنٛد گرٕ نأوی اکھ ڈرامہ یہِ ڈراماسپُد 1938ء منٛز چھاپ تہِ۔

1947ء یس منٛز یوٚ دوَے آزأدی ہِنٛدِس شورشرس تل واریاہ چیز جموٗدٕکی شکار سپدی تہٕ ڈراماتہِ اوس اتھ منٛز شأمِل، مگر امہِ پتے ووتلیو سانہِن کینٛژن بڈٕ ہن قلمکارن یہِ احساس زِ اَسہِ پزٕ بروٗنٛہہ کُن یتھ عصری صورتحال باوٕنچ کوٗشش کرٕنی، یمیُک بہتر میڈیم تمو ڈرامہٕ زون۔ یتھٕ کٔنی آو پریم ناتھ پردیسی سُنٛد شہید شیروأنی، نور محمد روشن سُنٛد سون سمسار، پگاہ چھُ گاشدار امین کأمِل، تن ترٛاکھ پُشکر ناتھ بھان تہٕ علی محمد لون سُنٛد وِزِچھےٚ سأنٛزٕ ہِوی ڈراما لکھنہٕ آے۔ یمن منٛز عوأمی بیدأری تہٕ قومی وحدتُک جذبہٕ بٔرِتھ اوس۔ یتھٕ کٔنی گوٚو ییٚہٕ اکہِ لَٹہِ کٲشرِ منٛز ڈراما گِنٛدنُک رُجحان پأدٕ تہٕ أتھی دوران آے نور محمد روشن، پران کشور، علی محمد لون، پُشکر ناتھ بھان، سوم ناتھ زُتشی، عزیز ہارٛوٗن، ہردے کول بھارتی، امین کأمِل، مکھن لال صراف تہٕ بنسی پارموہِوی ٕکتی ڈراما نگار بروٗنٛہہ کُن تہٕ دِتُکھ ڈراما تحریر کٔرِتھ تہٕ کینٛژ وپیش کٔرِتھ اتھ تحریکس مزید وُسعت۔ امہِ پتے آیہِ کلچرل اکیڈیمی بارسس یٚیمہِ کہِ وجوٗدٕ ستی باقی فنن ستی ستی ڈراما کِس فنس تہِ کأفی وُژھجار میوٗل۔ ڈراما فیسٹول سپدی منعقد، ورکشاب منعقد کرٕنکی سلسلہٕ گٔے شروٗع۔ مقأمی ڈراما گروپ تہٕ فنکار آے مختلف اوپراہتھ دوٚیمین ریاستن سوزنہٕ۔

امہِ ستی ووتلے یہِ اکھ نٔوتحریک ۔ یِمہِ کِس اثرِس تل گامہٕ گوم تھیٹر گروپ تہٕ ڈراما کلب بارسس آے ۔ یِیلہِ زن سون لُکہٕ تھیٹر (بھانڈپأتھر) گوڈٕ پیٹھے پننِس رِوایتس تھف کٔرِتھ پننٕی توأرٟیخی لُکہٕ پأتھر گِنداں أسی ۔ یِمن عوأمی مقبوٗلیت حأصِل أس تہٕ عوأمے اوسُکھ مأ لی معاونت کراں تہٕ یِم لُکہٕ فنکار پانٕچ ذمہٕ دأری تہِ عوام سٕے ۔

کلچرل اکیڈیمی ہنٛدِ بارسس ینہٕ ستی آو ڈراما کہِ حوالہٕ اکھ نوٚو لائحہ عمل برونٛہہ کُن ۔ ڈراما گِنٛدٕنکی مقابلہٕ آے شروٗع کرنہٕ ۔ گوڈٕ صوبأیی سطحس پیٹھ تہٕ ضلع سطحن پیٹھ ۔ لکھارین ، ہدایت کارن تہٕ فنکارن باپتھ آے ورکشاپ منعقد کرنہٕ امہِ ستی آے فنکار تہِ یسلہٕ پأٹھی برونٛہہ کُن تہٕ ڈراما تخلیق کارتہِ ۔ پرٛتھ علاقس منٛز آے ڈراما کلب بارسس ۔ اگر یِتھٕی گٔنی وَنو زِ کلچرل اکیڈیمی بارسس ینہٕ ستی گوٚو اَتھ شعبس منٛز اکھ نوٚو وزٕو زہتہٕ پأدٕ ۔ یِمیک وُشنیر ازتام سأنِس اَتھ ژھو کمتِس اولاوس منٛزی مٔنٛزی وُتش دِوان چھُ ۔

اکوہمہِ صٕدی ہنٛز اگر کتھ کرو تیٚلہِ چھےٚ اَسہِ صرف پٕنٛژ مہن وُہن زٕ توہن وٕری ین ہنٛزٕ ے کتھ کرٕنی ۔ مگر اتھ منٛز چھُنہٕ وُہمہِ صٕدی ہُنٛد پوٚت آلو بغأر ینٛیہِ کہنٛہ باون لایق ۔ یتھ منٛز أسی پٕنُن تھیٹر ہأوِتھ یابأوِتھ ہکو ۔ لہٰذا چھُ سانہِ خأطرٕ ضروٗری زیادٕ پتھ گژھنہٕ بجایہِ گَروأسی اَمی کلچرل اکیڈیمی ہنٛدِ أخری ڈراما فیسٹولچ کتھ یُس 1989 ءیس منٛز منعقد سپُد ۔ امہِ پتہٕ سپدٕی أسی اکہِ مکمل جموٗدکی شکار یا وَنو سیأسی حالاتن ہنٛدی امہِ پتہٕ قریبن أٹھِ وٕہری آو ٹیگور ہال دُبار چالو کرنہٕ تہٕ چالو سپدنہٕ پتے کوٚر گُلشن کلچرل فورمن اشوک کاکنی ستھ سٕدر ڈراماسومبرن اجرا کرنہٕ ۔ کِس موقعس پیٹھ ٹیگور ہالسے منٛز اوہندے ڈراماأدِ رٕزٕٹ سٹیج کٔرِتھ اکہِ نَوِ آغازٕچ شروٗعات ۔ یوٚہے اوس سُہ موقعہٕ یِیلہِ

موتی لال کیموجۆ مہِ پٔتھ سرینگرِ یِتھ یہِ ڈراماوُچھنہِ آو تہٕ ٹیگور ہالُک درواز گۄو یِتھِ کٔنۍ دُبارٕ یلہٕ۔ یہِ اوس اکہِ تحریکُک ابتدا۔ امہِ پتہٕ کۄر کشمیر کلا منچن اتہِ گوڈنیک ڈراما سٹیج۔ حالانکہ امہِ برونٛہہ تہِ کٔرۍ گُلشن کلچرل فورمن ریڈیو کشمیرٕکس آرڈٹوریمس منٛز کینٛہہ تھیٹر پلے پیش۔ غلام علی مجبوٗر تہٕ سیٹھ رفیع تہِ آویہٕ دوہن پٔنٛزٕ سٹیج شوتہٕ سٹیج پلے ہتھ منظرِ عامس پٔتھ۔ یِتھِ کٔنۍ ژۄل اکھ خوف مقأمی فنکارن تہِ تہٕ سرکأرۍ ادارن تہِ۔ کلچرل اکیڈیمی کٔرۍ امہِ پتے ریڈیو کشمیر کہ اشتراکہٕ زٕ ڈراما فیسٹول منعقد تہٕ أتھی دوران کۄر دوٗردرشن سرینگرن تہِ ڈراما فیسٹول منعقد کرنُک سلسلہٕ شروٗع۔ اَتھ تحریکس دوران آے کینٛہہ نٔوۍ ہدایت کار تہٕ فنکار برونٛہہ کُن۔ یِمن منٛز حسن جاوید، حسن درویش، عنایت گُل، غلام محمد نوسوز، جاوید بخاری، مجید بخاری، عبدالمجید وانی، علی محمد نشتر، گُلشن بدرنٓی، اشوک کاک، طلحا جہانگیر، سیٹھ رفیع، غلام علی محمد مجبوٗر، شاہنہ ریشی، فرحت صدیقی قابلِ ذکر چھِ۔ یام یِمو نٔوِہنہٕ تہٕ حالاتو عصرٕی حالاتن نظرانداز کرن والیٖ کھوژن ڈنٛگ دِژ تام گٔے امہِ کارواۓنکۍ سینئر کارندہٕ ہُشیار تہٕ لٔگۍ سورسور کرنہِ۔ یِتھہٕ کٔنۍ گیہِ تھیٹر کہِ حوالہٕ اکھ نٔو وۄوسہٕ دروسہٕ شروٗع، کلچرل اکیڈیمی، دوٗردرشن سرینگر تہٕ ریڈیو کشمیر سرینگرن کٔرۍ الگ الگ ڈراما فیسٹول منعقد۔ یِتھ منٛز روٗأیتی لُکہٕ پأتھر شأمِل أسۍ تہٕ Immature تھیٹر تہِ آے برونٛہہ کُن۔ غرض زٕ ساس ٕکس أخری دُہلس منٛز باسیو تھیٹر کہِ حوالہٕ اکھ نۆو جوش تہٕ وَلولہٕ۔ یِتھِ کٔنۍ آے کینٛہہ تجربہٕ کار تہٕ باصلاحیت تھیٹر ورکر برونٛہہ کُن۔ یِم ہدایت کار تہٕ ڈراما نگار اَتھ دوران سرگرم روٗدۍ تِمن منٛز چھِ بھوانی بشیر یاسر، بلونت ٹھاکر، امین بٹ، نثار نسیم، عیاش عارفؔ، مکھن لال سراف، مشتاق علی احمد خان، منظور

میر، ارشِد مشتاق، ایم کے رینہ، معراج الدین وانی، علی محمد نشتر، حکیم جاوید، عزیز حاجنی، رشید غمگین، شبیر مجاہدؔ، نذیر جوشؔ، ریشی رشیدؔ، گُلشن بدرنیؔ وابستہٕ۔ یِمو سرکرِ نفرو گر انفرأدی سطحس پیٹھ تہِ کأم تہٕ پننِن تھیٹر گروپن منز تہِ کوٚر رُکھنوٚ وزُوز ہتہٕ پأدٕ۔ اَتھ پتہٕ کنہِ اوس سرکأرۍ مأ لی معاونت ہُنٛد زیادٕ دٔخل۔ مقأمی کیوٚ مرکزی ادبی تہٕ تمدنی اِدارن ہِنٛدِ فعال تہٕ مأ لی معاونژ ہِنٛدِ مددتہٕ ٔستی گٔے واریاہ شوٚنگی مِتی ہُشیار۔ یام یِمو اِدارو دامن وَٹن ہیوٚت تہٕ مأ لی مدد بند سپُد تام ہیٚژ فنکارو تہِ لینف تہٕ ہدایت کارو تہٕ تنظیم سازتہِ گیہِ ر وٹہٕ۔ یتھٕ گٔنٛز گیہِ یہِ ووسہٕ دروسہٕ بیٚیہِ خاموش، کلچرل اکیڈیمی ہُنٛد بُنیأدی لائحہ عمل محذوف سپدنہٕ ٔستی تہٕ ازکل چُھ ووٗنی بیٚیہِ دُبارٕ اکیڈیمی "تھیٹر سیل" تشکیل دِتھ ڈراماہی تحریکہِ زُو زہتہٕ بخشنہٕ باپتھ رواں دواں تہٕ ؤری 2023 ء دوران گٔری أمی شعبن پوٚلس پوٚت زٕ کامیاب ڈراما فیسٹول ٹیگور ہال سرینگرٕ منعقد۔ مزید کوٚر أمی شعبن لگ بھگ کٔشیرِ ہِنٛدِس پرٛتھ ضلعس منز کلچرل فیسٹول منز اکھ اکھ ڈراما مقامی فنکارن ہِنٛدِ ذٔریعہِ پیش۔

☆☆

شہزادہ رفیق

ظونہٕ وٲنِتھ منہٕ بوٚ وترجمہٕ

رحیم رہبر چُھ سائنس افسانوی ادبس منٛز اکھ ویوٚ دتہٕ معتبر فرد۔ ماجہِ زیوٚ سو چھ کرنہٕ کہِ مقصدٕ چُھ یِموڈاکٹر شبنم عشایی ہنٛزِ نظمہٕ سوٚمبرنہٕ ''من بانی'' کوشُر وردن ''منہٕ باوتھ'' کٔرِتھ پوٚ رمُت۔ پیٚٹھ بانے وَنہٕ بہٕ زِ ترجمہٕ کارِ ہنٛدِ ترجمُک مقصد چُھ تخلیق کارِ ہنٛدین احساساتن تہٕ جذباتن ویہِ ووٚن واتنیٲری وَل بخشُن۔ امہِ کِنٛز چُھ تخلیق کار ہنٛدِس فطری ژ ویس، معروٗضس تہٕ تتھ تاثُرس زٲنی یاب آسُن ضروٗری بنان یُس ترجمہٕ کِنٛز عصری حقیقژن قبوٗلیت خاطرٕ وتہٕ ؤہرٲوِس شیرٕ پٲرچُھ کران۔

رحیم رہبر چُھ امہِ لحاظہٕ خوش قسمت زِ تِمن چُھ تخلیق کار ڈاکٹر شبنم عشائی ہنٛتی ارضی تہٕ عصری رشتہٕ۔ اردوٗ زبان تہِ چھنہٕ کاشرِس ووپرِ باسان۔ گرائمری غلطی تہٕ تذکیر وثانیت اوٚک طرف ترٲوِتھ چُھ پرٛتھ کانٛہہ اتھ پٲرِم زٲنِتھ بولان۔ یوٚ دوَے زن کاشرِس لوہ لنگرس منٛز ووپرٲزی وہٕ ہارتیوٚ تاہ چُھنہٕ مُتأثر ہیوٚ کمُت کٔرِتھ زِ شاعر تہٕ ادیب سُنٛد تخلیقی ظون یِیہِ اتھ ولہٕ منس منٛز ہینہٕ تہٕ اظہارٕ گژھِ رٛوبوٚ د۔ ووں گوٚ وعالمی انتشاری تہذیبکہِ اثرٕ ہنٛتی یُس ردِعمل تخلیقی صلاحیژن منٛز شرٛوپ تہٕ اظہارٕ کِنٛز ذاتی وٲری داتن تہٕ حاری ثاتن باگرن مینژٕ میوٗل تہٕ تِمی کِنٛز میچ تتھ اکھ ترٛژھ اجنبی پہچان۔ یُس

اکھ تیُتھ ظوٗن concept بنیو ؤیتھ نہٕ کانٛہہ پلہِ پیٚون شعوٗر رلانہِ چُھ لیٚکھی تھےٕ۔ یتھ منٛز اجتمأیت آسہِ ہے یا دَگ ژینن واجنٕۍ منشی آرٕج آسہِ ہے۔

یمنٕے عصری حقیقژن چھِ ڈاکٹر شبنم عشائی پننہِ اظہأری صلأحیژ وَکنٕہ مُدی ین راوٕ کٔرِتھ ذأتی تجربن تخلیقی تجزیہِ تچھُن ٹُلہٕ وۆن شعوٗر بخشِتھ پرن وأٔلس پانس ستۍ تمبرِ سبہِ منٛز شریک کٔرِتھ نظرن کوٗنٛدِ منٛز پیان۔ رحیم رہبر چھِ ژاٹہٕ کۆٹھ کٔرِتھ تمبرٕن احساس چہِ بیٚہِ برٔتھ ترجمہٕ کأری ہنٛدِ وَلہٕ ارضی وُشنیارٕ پھہہ ناوان۔

ڈاکٹر شبنم عشائی ہنٛز نظم چھِ:

وجوٗد کے جو حصے
وجوٗد کی تلاش میں کھو جاتے ہیں
اُن کا اندراج
زندگی کی کسی بھی File میں نہیں ملتا
ہاں اُن نظموں میں جو آنسوؤں کی روشنائی سے
لکھی گئی ہوں
وہ حصے بستے ہیں
لیکن پھر ہمیں تاریکی کو
اپنا نشیمن بنانا پڑتا ہے
اس راز سے زندگی نہیں
وجوٗد واقف ہے

اور ہم

وجود نہیں

زندگی جیتے ہیں!

امیک ترجمہٕ چُھ رحیم رہبرٕن تتھ زیٖوِ منٛز کران یوس سہٕ پننہِ ماجہِ زیٖوِ دوٚہِ گلس ستی چووٕمُت چُھ۔

وچھ دِکی یم حِصہٕ

وچھ دٕکس تلاشس منٛز راوان چھِ

تِہُنٛد اندراج چُھنہٕ زندگی ہٕنٛزِ کُنہِ تہِ

فایلہِ منٛز گژھان

آ......یمن نظمن منٛز یمہٕ

حِصہٕ

اَشہِ میلہٕ ستی لبکھنہٕ آسن آمتی

چھِ

تمہٕ حِصہٕ روزان

مگر پتہٕ چُھ اَنہٕ گٔژھس اَسہِ

پننہٕ تھکہٕ پہنڈ بناوٕنی پیوان

امہِ راژِ نِش چھنہٕ زندگی پؠ زو وچھ دواٚ قف

تہٕ اٚسی!

أسی چھنہٕ وجۄ دبلکہِ زنٛدٕ گی زُوان

☆

ترجمہٕ کارٕ ہنٛدِ خاطرٕ چُھ ضرۄری زِ تس آسہِ انفرأدی تخلیقی ہونرٕ ستیٚ ستیٚ دونوٕنی زبانٕن ہُنٛد تخلیق مزاج ویۄد۔ مے گژھہِ معنیأتی پچھانٕ علامژن، استعارن تہٕ اظہارن ہنٛدِ ذأتی تہٕ نفسیأتی سِرن ہُنٛد سۄن ووگُن زانن وول آسُن۔ یہِ وَل تہٕ تخلیقی بٕتُر نہ آسنہٕ کِنہٕ چُھ ممکن زِ ہم نفس زبانٕن ہُنٛد ترجمہٕ چُھ شناخت خاطرٕ چھینٛی پۄژ ؤہراوان۔ اکثر ترجمہٕ یُس اردو نظمن، نثرس تہٕ شأعری کأشرِس منٛز چُھ کرنہٕ آمُت چُھ اَمی ماثٹھا لُک۔ اِدٕ سہٕ غلام نبی آتش صأبنہِ ذٕسی مرزا غالب ہنٛدٕ ن غزلن ہُنٛد ترجمہٕ چُھ یا ڈاکٹر شبنم عشائی ہنٛزن نظمن ہُنٛد کأشُر ترجمہٕ۔ وۄں گۄ و ترجمس اَترٕ ممکن ییٚلہِ نہٕ ترجمأوِی زبأنٕ منٛز ویۄ دلفظ آسہِ۔ یا ترجمہٕ کرن وأٹس لفظ ڈکشنس منٛز کاثہہ کھوچرٕ یا اڈٕ کِبی آسہِ۔ نثرس برعکس چُھ شأعری ہُنٛد ترجمہٕ پٔزی ہناژٕ ربصیرت تہٕ بصارت منٛگان۔ علامژن ہُنٛد تفہیم چُھ بُنیأدی طور تخلیق کارسُنٛد ذأتی آسان۔ یُس تمی ہنٛدٕ ن احساسن، وأرِی داتن، محسۄساتن تہٕ معرۄجُک عکاس چُھ آسان۔ یتھ سہٕ تخلیقی ولہٕ وانتیار بخشنہٕ خأطرٕ فنکارانہٕ اظہارٕ ؤطیرٕ چُھ اختیار کران۔ یہٕ ؤطیرٕ چُھ معلۄمأتی، تہذیبی تہٕ جمالیأتی عنصرن ہنٛدِ یکتہٕ ستیٚ صۄرتھ لبان۔ ترجمہٕ کار چُھ مخصۄص زبأنٕ ہنٛدِ ورتاوٕ یمٕنے عنصرن تخلیقی قدرن ہُنٛد لحاظہٕ کٔرِتھ ؤہراو بخشان۔

ڈاکٹر شبنم عشائی ہنٛدٕ ن تجربن ہُنٛد نفسیات چُھ بلہٕ وان۔ سو چھے یمن ہُنٛد ٹچھر تہٕ میچھر وہتران۔ یہنٛدِس اظہارس منٛز ذأتی جبلت محسۄس کرنہٕ باوجۄ داکھ ترٛژھ

جبلی کیفیت واجێنۍ دگ وۄتلان یوس سمأجی تہٕ ، اجتمأعی چھَ، اَوے چھِ لطیف قدرٕ اُجاگر سپدان۔ یِم قدرٕ چھَ تِمن حقیقژن ہنٛز عکأسی بنان یِم تخلیق کار سٕنٛدِ تخیلہٕ کِنۍ جامن ترٛوپ ژٹان نوٚہنہٕ ماڈلن منٛز پان شروپرِتھ دۄکھن سوکھن ژێنٛپھی چھِ ژٹان۔ امہِ سوکھ رأوی دۄکھ بأوی اتحادٕ سۍتۍ چھُ لفظس تہٕ لفظٕ ورتاوس سۍتۍ سۍتۍ تخیلس شعوٗرحسہٕ وُزنأوی ژٕہنہٕ دِنہٕ واجێنہِ ہێرفژن ہُنٛد باس گنان۔ یِمن ہُنٛد اتری مێچھر أچھن مُتھتھ چھُ وجوٗد تنہِ مُژ رِتھ وَنہٕ شێہجارس ئری یہ زٕ ژن منہٕ وأ راگس پوٗش پھولراونہٕ موکھ وولہٕ سنسن انان۔ پۆز گاشری زٕ ژن ہُنٛد مأل مێچھر کہِ مانہٕ مأنۍ کِنۍ چھُ وۄکھ کفیت وۄتلان۔اَوے چھِ شبنم عشائی ہنٛزِ شأعری منٛز ''راتھ'' اکہِ مخصوٗص علامژ رٔنٛگی وۄتلِتھ بسیار تاثُر زنماوان۔ بێہ، ہِیم،چھوکھ،ژھدُن تہٕ احتجاج سأری عنصر چھِ نمایاں۔

رحیم رہبر چھُ افسانہٕ نگار یِمن ہُنٛد اسلوٗب تہٕ ہیت شأعرانہٕ چھُ۔ ترجمہٕ کرنہٕ وِزِ چھُ یُہنٛد پٔژن تخلیقی شعوٗر تہٕ مہارتھ مہرنہِ ہُنٛد ساز بٔنتھ کھہرنہِ کھوٚتمُت۔ دۄنوٚنۍ زبأنٔہن ہُنٛد فکری، وَنہر آسنہٕ کِنۍ چھُنہٕ محاورأتی ورتاونس منٛز تہِ یِمن کانٛہہ کھوچر بُتھِ آمُت۔ تخلیق کار سُنٛد تخیُل تہٕ تصور ماجہِ زیوٚ ہنٛدِ وٗسیلہٕ ظونہٕ وبلأوی کرنہٕ رۆس پَرن والٮ۪ن تام واتنأوِتھ ہیوٚ کمُت۔

میں جسم پر Telcum نہیں

اپنے وجود پہ

نمک چھڑکنا چاہتی ہوں

صدیوں سے جمی ہوئی

برف کاٹنا چاہتی ہوں
کیا تم رشتوں کا الاو
دہکا سکتے ہو؟
میں اپنے آنکھوں کو
آنسوں سے
طلاق دِلانا چاہتی ہوں
صدیوں سے
آنسو کاشت کر رہی ہوں
کیا تم میری آنکھوں کو
خواب دے سکتے ہو؟
زمانے کے بکھیڑوں میں نہیں
من کی دنیا میں
گھر بنانا چاہتی ہوں
بس اب میں
دِل کی بات سننا چاہتی ہوں
کیا تم میرے من میں
بول سکتے ہو
☆

امیک کأشُر نظمأوی ترجمہٕ چُھ رہبر صأب ییتہٕ پأٹھی کران

بہٕ چھبس نہٕ بدنس پتھ ٹیلی کام(Telecom)

بہٕ چھبس وجہٕ دس پننس یژھان

نوہنہٕ چھٹرکاوکرُن

ہتہٕ وادٕ ریو پتھ لوٚگمُت شین چھبس

ژٔٹُن یژھان

رٕشتکِس اَلاوَس دِکھائِر؟

بہٕ چھبس ووٚنی پننین چشمن

یژھان اۄنشہٕ نِش طلاق دِیُن

ییمہٕ ژٔری وادو پتھ

اۄشس کاش کران چھےٚ

ژٕ دِکھامیٚائین أچھن خاب؟

بہٕ چھبس نہٕ زمانکین کُھر بن منٛز کینہہ پوٚز

من رٕکس دُنیاہس منٛز

گرٕ آباد کرُن یژھان

بس ووٚنی چُھس بہٕ دِرِچ کتھ بوزٕنی یژھان

کیا ژٕ ہیکہٕ کھامیٚأنِس منس منٛز بول بوش گٔرتھ!

☆

بہترین ترجمہٕ ییہِ سُے زانِنہٕ ،یتھ منٛز زبان تہٕ اظہار روٗی لیس ءستی ءستی تِمن عنصرن ہُنٛد خیال آسہِ تھاوُنہٕ آمُت ییمو ـکنٛز تخلیق کارس تخلیق مکمل کرنس پتہٕ ڈٕکس اطمینا نُک اَسُن پھولان چُھ ۔کینٛژن ماہرن ہُنٛد مانُن چُھ زِ لفظو بدلہٕ نضیمُک ترجمہٕ سپُدن ۔یتھٕ کٔنز ہیکہِ ہے اکھ نوٚو تخلیق بارسس یتھ ،یتھ پتہٕ ترجمُک کانٛہہ غأر مُلِتھ آسہِ ۔مگرامہِ اندازُک فن پارٕ ہیکہِ نہٕ سہٕ فٔنی ارتقہُک شعوٗر پھاپنٛھ لأوِتھ یُس عالمی ادبی اظہارس منٛز علمی explosion کہِ وکالتہٕ اپروجس منٛز لحظہٕ پتہٕ لحظہٕ مُتأثر چُھ کران ۔زمان ومکانُک نفسیات تہٕ تخلیقی بصیرت ہونٛز رادِ چہ کپٹہِ منٛز ہیکہِ نہٕ تفہیمی سودبود تہٕ اتھِ یتھ ۔

